آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 28 اکتوبر 2020ء بمطابق 10 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 292

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

پشاور، مدرسے میں دھماکہ، 7 افراد جاں بحق، 112 زخمی

دھماکے کے دوران مدرسے میں قرآن پاک کی کلاس جاری تھی، بیگ میں 5 سے 6 کلو دھماکہ خیز مواد رکھا گیا، دہشت گردی سے متعلق عمومی تھریٹ موجود تھا، آئی جی خیبر پختونخوا

ملک بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی، تعلیم وتدریس حاصل کرنے والے طلبہ پر حملہ کرنے والوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں، صدر مملکت، وزیراعظم، وزراء اور سیاسی ومذہبی شخصیات کی مذمت

دہشت گرد اپنے مقاصد کے لیے سافٹ ٹارگٹ دیکھتے ہیں اور بچے اور مدرسے سافٹ ٹارگٹ تھے، شوکت یوسفزئی کی میڈیا سے گفتگو...... وزیراعلیٰ کی بھی مذمت

پشاور/اسلام آباد (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں مدرسہ جامعہ زبیریہ میں بم دھماکے کے نتیجے میں طلبہ سمیت 7 افراد شہید اور دو اساتذہ سمیت 112 زخمی ہوگئے، زخمیوں میں زیادہ تر جھلس گئے بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث شہادتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، دھماکے کے دوران مدرسے میں قرآن پاک کی کلاس جاری تھی، بیگ میں 5 سے 6 کلو دھماکہ خیز مواد رکھا گیا، دھماکے کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی، صدر مملکت عارف علوی، وزیراعظم عمران خان سمیت متعدد سیاسی ومذہبی شخصیات نے دھماکے کی مذمت بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر


پشاور: مدرسہ میں بم دھماکے کے بعد جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کئے جارہے ہیں

پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے — وزیراعلیٰ بلوچستان

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ملک دشمن عناصر کو انکے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے نہیں دیں گے

27 اکتوبر تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے' 73 سال قبل بھارتی فورسز نے جموں وکشمیر پر زبردستی قبضہ کر کے بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

پشاور کے ایک مدرسے میں ہونے والے بم دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کی ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے اس دلخراش واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے' لواحقین سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے پشاور کے ایک مدرسے میں ہونے والے بم دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کی ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے اس دلخراش واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کو انکے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے نہیں دیں گے۔ دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پوری قوم اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بم دھماکے کے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

عالمی برادری کو کشمیر میں مظالم کا نوٹس لینا ہوگا، میر ضیاء اللہ لانگو

کشمیر بنے گا پاکستان مودی اپنی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بدنام ہوا ہے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کو تمام کشمیری کشمیر سمیت دنیا بھر میں یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں جس میں وہ شہداء اور آزادی کے متوالوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور بھارت کے سفاک چہرے کو پوری دنیا کے سامنے بے نقاب کرتے بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

نہتے اور بیگناہ انسانوں کی جانوں سے کھیلنے والے انسانیت کے دشمن ہیں' گورنر بلوچستان

ہمیں دہشت ووحشت پر مبنی ذہنیت کے خاتمے کیلئے قومی اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنے ہوگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے دیر کالونی پشاور کے ایک مدرسے میں ہونے والے بم دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کی ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نہتے اور بیگناہ انسانوں کی جانوں سے کھیلنے والے انسانیت کے دشمن بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

لاہور: مسلم لیگ ن کے نائب صدر مریم نواز سے بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل ملاقات کر رہے ہیں

کسی کی حب الوطنی پر شک نہیں کر رہے، سب پاکستانی محترم اور حب الوطن ہیں، وزیر خارجہ

چند نادان سیاست دان جو زبان استعمال کر رہے ہیں اس سے قومی مفاد کو نقصان پہنچ رہا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے یوم سیاہ اور گستاخانہ خاکوں کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم کسی کی حب الوطنی پر شک نہیں کر رہے اور نہ ہی ہم نے کسی کو حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ جاری کرنا ہے، سب پاکستانی محترم اور حب الوطن ہیں لیکن آج چند بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

مریم نواز سے اختر مینگل کی ملاقات ،مجموعی سیاسی صورتحال اور پی ڈی ایم کی مستقبل کی حکمت عملی پر غور

کوئٹہ/لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے جاتی امراء رائے ونڈ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور پی ڈی ایم کی مستقبل کی حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے پشاور مدرسے میں دھماکے سے ہلاکتوں پر دکھ کا اظہار کیا گیا۔

اسکردو: چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری گمبہ بازار میں کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

کروڑوں روپے کرپشن کیس میں گرفتار محکمہ صحت بلوچستان کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر ودیگر ملزمان 05 روزہ ریمانڈ پر نیب کے حوالے

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے کروڑوں روپے کرپشن کیس میں گرفتار محکمہ صحت بلوچستان کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر ودیگر ملزمان کو احتساب عدالت پیش کر کے ملزمان کا 05 روزہ ریمانڈ حاصل کر لیا۔ ملزم سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر ذوالفقار علی بلوچ سے میڈیکل ٹیکنیشن اینڈ پروپرائیٹر علی بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

گڈ گورننس کے قیام کے لئے بہتر قانون سازی کا عمل ناگزیر ہے' جام کمال خان

بہتر قانون سازی اور قوانین کے نفاذ سے ادارے مزید مضبوط اور مستحکم ہونگے

صوبائی حکومت قانون سازی کے اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے گی' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے بلوچستان صوبائی اسمبلی سے پانچ بلوں کی منظوری پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبائی حکومت قانون سازی کے اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے بہتر قانون سازی کا عمل ناگزیر ہے۔ جس کے لیے پورے پارلیمان کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ایمرجنسی مرمت کا کام مکمل کر کے گیس کی ترسیل بحال کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے کینٹ گردونواح میں ایمرجنسی مرمت کا کام مکمل کر کے گیس کی بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

نظام کی تبدیلی کیلئے نیک پارلیمنٹ کی ضرورت ہے، مولانا مفتی عبدالواحد بازئی

کوئٹہ (آن لائن) اپوزیشن سازش کے طور پر ایک بار پھر عورت کی حکمرانی مسلط کرنے کی کوشش کر رہی ہے، نظام کی تبدیلی بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

ضلع بھر میں لیڈی ڈاکٹر نہ ہونے کے باعث گزشتہ روز دو مزید حاملہ خواتین جان بحق ہوگئیں

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ضلع بھر میں لیڈی ڈاکٹر نہ ہونے کے باعث گزشتہ روز دو مزید حاملہ خواتین جان بحق ہوگئیں ذرائع کے بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

قلات میں 8 سالہ کمسن بچے کا معمہ، سٹی پولیس قلات نے کارروائی کرتے ہوئے مدرسے کے پیش امام سمیت 9 افراد کو شامل تفتیش کر دیا

قلات (آن لائن) قلات میں 8 سالہ کمسن بچے کا معمہ، سٹی پولیس قلات نے کارروائی کرتے ہوئے مدرسہ کے پیش امام بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

شیخ رشید احمد کی پشاور مدرسے میں دہشت گردی کی کارروائی کی بھرپور مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے پشاور مدرسہ میں دہشت گردی کی کارروائی کی بھرپور بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

بچوں پر حملہ ملک دشمن عناصر کا بزدلانہ عمل ہے اور ملوث افراد کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا، وزیر داخلہ

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے پشاور میں مدرسے پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے دیر کالونی پشاور کے مدرسے میں ہونے بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

ہمیں کوویڈ کے دوران بے لوث خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کی سروسز پر فخر ہے' ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کوویڈ کے بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

عمران کو اقتدار میں لانے والے مطمئن نہیں تو عوام کیسے ہونگے — سردار اختر مینگل

عوام کا مینڈیٹ آج نہیں بلکہ 1971 کے بعد کبھی زیادہ چوری کیا گیا، اب مداخلت انتہا تک پہنچ گئی ہے' بلوچستان سے پھیل کر اب پورے ملک تک آچکے ہیں

جب ہمارے مطالبات نہیں مانے تو پھر ہمارا اخلاقی فرض تھا ان کے ساتھ آگے نہیں بڑھیں گے' جاتی امراء میں میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ/لاہور (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ عوام کا مینڈیٹ آج نہیں بلکہ 1971 کے بعد کبھی بھی زیادہ چوری کیا گیا، پنجاب میں پہلے اتنی مداخلت نہیں تھی جتنی بلوچستان میں تھی لیکن اب اپنی مداخلت کی اس انتہا تک پہنچ گئے کہ اپنے دائرہ اختیار سے نکل کر صرف اپنی کالونی بنا رہے ہیں، بلوچستان سے پھیل کر اب پورے ملک تک آچکے ہیں، ہمارے جمہوری کلچر اور جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لیے یہ احساس اگر کل ہوتا تو بہتر ہوتا لیکن اگر آج بھی ہوا ہے تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے، پی ڈی ایم کے آئندہ اجلاس میں حکومت کے خلاف دمادم مست قلندر بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

کوئی مسلمان نبی کریم ﷺ کی شان میں ادنیٰ سی گستاخی برداشت نہیں کرسکتا' علامہ علی نواز القادری

ہر مسلمان عزت رسول ﷺ پر مرمٹنے کیلئے تیار اور جانیں قربان کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ کوئی مسلمان نبی کریم ﷺ کی شان میں ادنیٰ سی گستاخی برداشت نہیں کرسکتا ہر مسلمان عزت رسول ﷺ پر مرمٹنے کیلئے تیار اور جانیں قربان کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

صوبے کے 33 اضلاع میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم چلائی جارہی ہے، لیاقت شاہوانی

بچے قوم کے مستقبل کے معمار ہے مستقبل کی معماروں کو اپاہج ہونے سے بچانا والدین سمیت معاشرے کے ہر فرد کا اخلاقی فرض ہے

پولیو رضا کاروں کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے بھی سکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں' ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے 33 اضلاع میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم چلائی جارہی ہے جو کہ یکم نومبر تک صوبے بھر میں جاری رہے گی۔ اب تک پندرہ لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلوائے جاچکے ہیں اور تقریباً 25 لاکھ بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلوانے کا ٹارگٹ رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاری قومی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کا بنیادی فرض ہے اس جاری قومی انسداد پولیو مہم میں علماء کرام سمیت تمام مکاتب فکر کے افراد نے اپنا عملی کردار بھرپور طریقے سے ادا کرنا ہوگا تاکہ پولیو فری صوبے کا خواب جلد شرمندہ تعبیر کیا جاسکے لیاقت شاہوانی نے کہا کہ بچے قوم کے مستقبل کے معمار ہے مستقبل کی معماروں کو اپاہج ہونے سے بچانا والدین سمیت معاشرے کے ہر فرد کا اخلاقی فرض ہے کیونکہ پولیو ایک ایسا موذی مرض ہے جو عمر بھر کے لیے بچوں کو اپاہج کر دیتا ہے انہوں نے بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کا جن قابو میں نہ آسکا

پیاز، ٹماٹر سمیت دیگر سبزیوں کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کا جن قابو میں نہ آسکا، پیاز، ٹماٹر سمیت دیگر سبزیوں کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں۔ پیاز 280 روپے ہنٹر 200 روپے، ٹماٹر 150 سے 220 روپے فی کلو جبکہ مرغی کی قیمت 220 سے 300 روپے تک فروخت کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اشیائے خوردونوش کی قیمتیں غریب عوام کے دسترس سے باہر شہر میں مرغی 220 سے 300 روپے فی کلو ہنٹر 200 روپے، آلو 50 سے 60 روپے کلو، کدو 80 روپے کلو، پیاز 280 روپے تک کلو فروخت کی جارہی ہے اس کے علاوہ ٹماٹر فی کلو 150 سے 220 روپے تک بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

جلسے اور تقریروں سے عمران خان کی حکومت ختم نہیں ہوگی، زبیدہ جلال

پی ڈی ایم میں شامل سیاسی جماعتیں عوام میں زندہ رہنے کیلئے جلسہ جلوس کر رہے ہیں

اپوزیشن خود اقتدار میں رہی ہے عوامی مفاد میں کچھ نہیں کیا ہے اب واویلہ کر رہی ہے' وفاقی وزیر دفاعی پیداوار

تربت (آن لائن) وفاقی وزیر دفاعی پیداوار زبیدہ جلال رند نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں شامل سیاسی جماعتیں عوام میں زندہ رہنے کیلئے جلسہ جلوس کر رہے ہیں، جلسہ اور تقریروں سے عمران خان کی حکومت ختم نہیں ہوگی اور اپنی مدت پوری کریگی، اپوزیشن خود اقتدار میں رہی ہے عوامی مفاد میں کچھ نہیں کیا ہے اب واویلہ کر رہی ہے، جنوبی بلوچستان کے وضع کردہ اکنامک پیکج میں زمینی ترقی کے علاوہ روزگار، صحت اور تعلیم کی بہت زیادہ سہولیات شامل ہیں، وزیراعظم عمران خان پیکج فائنل ہونے کے بعد خود یہاں آکر اس کا افتتاح کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رحیمہ جلال، ٹھیکیدار زبیر رند، ڈاکٹر فاروق رند، لولوا رفیق رند سمیت سیاسی وسماجی شخصیات موجود تھیں۔ زبیدہ جلال نے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے طویل لاک ڈاؤن نے کافی منفی اثر کیا مگر پاکستان نے کروناوائرس کی وبا کو بہتر انداز میں کنٹرول کیا جس میں ڈاکٹروں کی بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

کرونا کی وباء کے عالمی معیشت پر دوررس اثرات مرتب ہونگے' عبدالرزاق داؤد

کرونا وائرس کی وباء انسانی تاریخ کا ایسا بحران ہے جس کی مثال نہیں ملتی

عالمی صورتحال کی وجہ سے پاکستان کی برآمدات کی طلب میں کمی آئے گی' مشیر تجارت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ کرونا کی وباء کے عالمی معیشت پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے، عالمی صورتحال کی وجہ سے پاکستان کی برآمدات کی طلب میں کمی آئے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئیٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس کی وباء انسانی تاریخ کا ایسا بحران ہے جس کی مثال نہیں ملتی، وباء کے عالمی معیشت پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ عالمی بینک کے اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ دنیا بھر بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

بل کی ادائیگی کرکے ہی ہم بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی لاسکتے ہیں' ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ کی سربراہی میں آل پارٹیز، واپڈا، انجمن تاجران اور زمیندار ایکشن کمیٹی کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں واپڈا کی جانب سے ایل ایس شوکت علی اور نور خان، آل پارٹیز کیجانب سے آل پارٹیز وانجمن تاجران، زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین و پی ٹی آئی کے ضلعی صدر حاجی محمد اشرف بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے پارلیمانی سیکرٹری دنیش کمار ملاقات کر رہے ہیں

لاپتہ افراد یا بلوچستان کا مسئلہ بلوچی لباس پہننے سے حل نہیں ہوگا، ماما قدیر بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز تنظیم کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کی جانب سے کوئٹہ جلسے میں لاپتہ افراد کے اہل خانہ سے ہمدردی کے اظہار کو مداری کا تماشا قرار دیتے ہوئے اسے مسترد کر دیا ہے بھوک ہڑتالی کیمپ سے اپنے ایک وڈیو بیان میں ماما قدیر بلوچ نے کہا بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

27 اکتوبر 1947ء انسانی تاریخ میں سیاہ ترین دن کے طور پر یاد رہے گا، بلاول بھٹو زرداری

مظلوم کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کی ہے، کرتے رہیں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی

مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیاء میں پائیدار امن کا قیام دیوانے کے خواب کے مترادف ہوگا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947ء انسانی تاریخ میں سیاہ ترین دن کے طور پر یاد رہے گا۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بھارتی مظالم کی مذمت اور اسے دنیا کے آگے بے نقاب کیا ہے، کرتے رہیں گے، مظلوم کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کی ہے، کرتے رہیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بائیس کروڑ پاکستانیوں کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پر بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اس وقت ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے، منظور کاکڑ

ملک میں جاری اپوزیشن کا ڈرامہ ڈیموکریٹک موومنٹ کے تحت جلسہ جلوس کے نام پر جو واویلا مچا رکھا ہے

ریاستی اداروں کے خلاف ہرزا سرائی اور کردار کشی کسی بھی قومی سیاسی جماعت کا خاصا نہیں ہوسکتی' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور کاکڑ نے کہا ہے کہ ڈرامہ کریٹک موومنٹ کا کوئٹہ میں جلسہ ایسا لگ رہا تھا کہ بی جی پی کا جلسہ ہو قومی اداروں اور سربراہان کا جلسہ میں ذکر اس بات کا ثبوت ہے کہ اپوزیشن اس وقت ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ سیاسی سربراہوں کو وہ عقل وفہم عطاء کرے جو ملک اور قوم کے بہتر مستقبل اور تعمیر کے حق میں ہوں ریاستی اداروں کو نشانہ بنا کر اپوزیشن کس کو خوش کرنا چاہتی ہے وہ سب جانتے ہیں دشمن کی بولی بول کر ملکی سالمیت کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے پشاور مدرسہ میں دھماکہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والوں کا انسانیت سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

بھارتی جارحیت اور قبضہ کشمیری عوام کے جذبہ آزادی اور خودارادیت کو متزلزل نہیں کرسکتا' عبدالخالق ہزارہ

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی جارحیت بربریت ظلم دہشت گردی تہتر سالوں سے جاری ہے، جس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر پر بھارتی جارحیت بربریت ظلم دہشت گردی تہتر سالوں سے جاری ہے جس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر پر زبردستی قبضہ کے دن کو دنیا بھر میں یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے مقبوضہ کشمیر کی عوام 70 سالوں سے بھارتی جارحیت اور بربریت کے خلاف ہمت واستقلال سے آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں جنھیں میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

بھارتی انسانی حقوق کی پامالی کو روکنا اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے، ظہور بلیدی

دنیا امن کو قائم کرنے اور دہشت گردی کے سدباب کیلئے عالمی اداروں کو متعصبانہ رویہ ترک کرنا ہوگا

اقوام متحدہ اپنے ذمہ داریوں سے روگردانی کرتا آرہا ہے جس سے اس ادارے کی افادیت صفر ہو کر رہ گئی ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ کشمیر میں جاری بھارتی جارحیت اشتعال انگیزی اور غاصبانہ قبضے نے معصوم کشمیریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے کشمیریوں کا پاکستان کے ساتھ مذہبی ثقافتی اور روحانی تعلق کو ختم کرنے کیلئے بھارتی فوج معصوم کشمیریوں پر طرح طرح کے مظالم ڈھا رہی ہے لیکن کشمیریوں کی متزلزل ارادے اور لازوال قربانیوں کی بدولت بھارت اپنا غاصبانہ قبضہ دیر تک قائم نہیں رہ پائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم سیاہ کشمیر سے متعلق اپنے ایک پیغام میں کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی مدد مضبوط ارادے کے ساتھ جاری رکھے گا اور کشمیر میں ہونے والے مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرے گا تاکہ اقوام عالم میں مظلوم کشمیریوں کے حقوق کیلئے آواز کو بلند بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

تعلیم وتدریس حاصل کرنے والے طلباء پر حملہ کرنیوالوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں، وزیر اطلاعات

ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے والوں کے مذموم عزائم خاک میں ملائیں گے، سینیٹر شبلی فراز کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ تعلیم وتدریس حاصل کرنے والے طلباء پر حملہ کرنیوالوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور مدرسے میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم وتدریس حاصل کرنے والے طلباء پر حملہ کرنیوالوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے والوں کے مذموم عزائم خاک میں ملائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

مدرسہ کے پر حملہ بدترین دہشت گردی اور سفاکیت کی انتہاء ہے' مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی' جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی' مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی' مولوی محمد حیات' مولوی رحمت اللہ حقانی نے فرانسیسی حکومت کی توہین آمیز خاکوں کے خلاف 29 اکتوبر بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

ادلب میں روسی فضائی حملہ، ترک حمایت یافتہ 78 باغی ہلاک، 90 زخمی

روسی جنگی طیاروں نے فیلق الشام نامی گروہ کے ایک ٹریننگ کیمپ کو نشانہ بنایا، شامی آبزرویٹری

دمشق (این این آئی) شامی حکومت کے اتحادی ملک روس کے ایک فضائی حملے میں 78 ترک حمایت یافتہ باغی مارے گئے، اس کے علاوہ ٹریننگ کیمپ پر ہونے والے اس حملے میں نوے دیگر جنگجو زخمی بھی ہوئے، میڈیا رپورٹس کے مطابق خانہ جنگی کے شکار ملک شام کے حالات پر نگاہ رکھنے والی تنظیم سیرین آبزرویٹری فار ہیومن رائٹس نے بتایا کہ روسی جنگی طیاروں کی بمباری کے نتیجے میں شام کے شمال مغرب میں کم از کم 78 جنگجو ہلاک ہوگئے۔ روسی جنگی طیاروں نے فیلق الشام نامی بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

فوری طور پر انتظامیہ 320 گرام کی روٹی کیلئے قیمت 30 روپے مقرر کرے' تندور ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) تندور ایسوسی ایشن نواں کلی یونٹ کے صدر ظفر خان، نعمت اللہ، محمد رحیم خلجی نے نواں کلی میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملا خیال محمد کی جانب سے ہمارے اتحاد کا بیان من گھڑت اور بے بنیاد ہے، ہم نے تندور کھولا اور نہ ہی تندور کے بائیکاٹ ختم کیا اور نہ ہی بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

پونے دوسال سے کشمیر میں کشمیری بھائیوں جبری کرفیو نافذ ہے' بابر یوسفزئی

پونے دوسال سے جبری طور پر نافذ کرفیو پر عالمی برداری اور اقوام متحدہ کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابقہ ترجمان، رہنما بابر یوسفزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پونے دوسال سے کشمیر میں کشمیری بھائیوں جبری کرفیو نافذ ہے پونے دو سال سے جبری طور پر نافذ کرفیو پر عالمی برداری اور اقوام متحدہ کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے بھارت نے ظلم وستم کا بازار گرم کیا ہوا ہے کشمیری عوام پر تمام تر سہولیات زندگی پونے دو سال سے بند ہے اور کشمیری عوام علاج و معالجے سمیت تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے جس کی وجہ سے خوراک بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

سکھر: پاکستان ڈیموکریٹک الائنس کے سربراہ مولانا فضل الرحمن صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

جمعیت علمائے اسلام کو تنہا کرنے والی قوتوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے — مولانا عبدالغفور حیدری

25 اکتوبر کے جلسہ عام میں جمعیت کوئٹہ کی کارکردگی سب سے نمایاں رہی جس پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں

پشاور مدرسہ بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' اس سفاکانہ فعل کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے' جمعیت علماء اسلام پاکستان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کو تنہا کرنے والی قوتوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے 25 اکتوبر کے جلسہ عام میں جمعیت کوئٹہ کی کارکردگی سب سے نمایاں رہی جس پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں امید کرتا ہوں آئندہ بھی قابل قدر خدمات انجام دے گی اور اپنی اساس اور بنیاد پر کاربند رہے گی ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ضلعی سرپرست مولانا قاری مہر اللہ مفتی محمد روزی خان جنرل سیکرٹری بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

پشاور سمیت دنیا بھر میں ہونے والی دہشت گردیوں کے پیچھے مغربی فنڈنگ کارفرما ہے، سید حامد علی شاہ موسوی

کوئٹہ (آن لائن) سپریم شیعہ علما بورڈ کے سرپرست اعلیٰ قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی نے کہا ہے کہ پشاور سمیت دنیا بھر میں ہونے والی دہشت گردیوں کے پیچھے مغربی فنڈنگ کارفرما ہے حکومت نیشنل ایکشن پلان پر عمل کرتے ہوئے کالعدم جماعتوں کے خلاف کارروائی کرے، فرانسیسی صدر کے اقدامات دہشت بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

تربت: وفاقی وزیر دفاعی پیداوار زبیدہ جلال رند تربت میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

28 اکتوبر 2020ء

بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ گیس مسائل

بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں 2 لاکھ میٹرز میں ایک لاکھ 60 ہزار کی ریڈنگ انتہائی کم یا نہ ہونے کے برابر ہے' چوری میں ملوث لوگوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کا آغاز کیا ہے' 16 انچ قطر گیس پائپ لائن بچھایا جارہا ہے اپریل میں اس پر کام شروع ہوگا جو تین سے چار ماہ میں مکمل کیا جائے گا مستونگ اور قلات کو الگ سے گیس کی فراہمی کی جائے گی تاکہ کوئٹہ پر بوجھ کم ہو' ملک میں قدرتی گیس میں 70 فیصد سندھ' 15 فیصد بلوچستان سے حاصل ہوتا ہے نئے ذخائر نہ ہونے کی وجہ سے گیس کی طلب میں اضافہ ہورہا ہے اگلے سال اچھی خبر ملے گی میڈیا کمپریسر کے استعمال کی نشاندھی کرے بلوچستان میں گیس کی زیادہ چوری سردی میں ہوتی ہے نئی لائن بچھانے سے کوئٹہ کو گیس کی فراہمی بہتر ہوگی ملک میں قدرتی گیس میں 70 فیصد سندھ' 15 فیصد بلوچستان سے حاصل ہوتا ہے نئے ذخائر نہ ہونے کی وجہ سے گیس کی طلب میں اضافہ ہورہا ہے، اکتوبر میں ڈیمانڈ سے 200 ملین ن ایم ایم گیس کم آرہی ہے، شہر میں سپلائی بحالی کیلئے کوشاں ہیں شہر کو 210 ملین گیس فراہم کررہے ہیں چوری میں ملوث لوگوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کا آغاز کیا ہے' 16 انچ قطر گیس پائپ لائن بچھایا جارہا ہے اپریل میں اس پر کام شروع ہوگا جو تین سے چار ماہ میں مکمل کیا جائے گا مستونگ اور قلات کو الگ سے گیس کی فراہمی کی جائے گی تاکہ کوئٹہ پر بوجھ کم ہوں کوئٹہ شہر میں سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ نواں کلی ہے لیکن وہاں 12 انچ لائن ڈزائن کی ہے جو 16 کلومیٹر تک ہوگا تاکہ مذکورہ علاقے کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

ابھی ہم خطرے میں ہیں

بڑی عید گذری، محرم صفر کا مہینہ بھی گذر گیا عید میلاد النبی ﷺ کا ماہ مبارک آن پہنچا ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ کرونا وائرس کا زور

ٹوٹ گیا ہے مریضوں کی تعداد کم سے کم ہورہی ہے لیکن اس کے باوجود کئی ممالک میں حالات تسلی بخش نہیں ہیں جس کا مطلب ہے ابھی ہم خطرے میں ہیں اسلئے ماہرین کا خیال ہے احتیاط میں ہی عافیت ہے ذرا تصور کی آنکھ سے دیکھئے ماضی کا خوف وہراس کیا یہ قیامت سے کچھ کم تھا؟ نہیں اب بھی یاد آجائے تو رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں کہ انسان اتنا بااختیار ہونے کے باوجود کتنا بے بس ہے یہ 3 مئی 2020 کا دن تھا ایک فرانسیسی ڈاکٹر نے "Tv5" نامی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا: آج ایک گھڑی ایسی آئی کہ مجھے لگا میں" شدت تکلیف سے "اندر ہی اندر جھلس رہا ہوں۔

ہوا یہ کہ "کرونا" کے ایک مریض نے اپنے آخری وقت میں ہم سے درخواست کی کہ وہ آخری مرتبہ اپنی اولاد سے ملنا چاہتا ہے۔ پہلے تو ہم نے صاف انکار کر دیا۔ لیکن جب وہ بری طرح رو رو کر اصرار کرنے لگا تو ہمیں اس پر بہت ترس آیا اور ہم نے اس کی بات ماننے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ ہم اس جگہ کی خاص طور پر صفائی میں مشغول ہوگئے۔ تاکہ مریض کے گھر والوں کے لئے کوئی خطرہ نہ رہے۔ پھر "بطور ڈاکٹر" جب ہمیں یہ یقین ہوگیا کہ اب "وہ" کسی اندیشہ کے بغیر آسکتے ہیں تو ہم نے "موت کی آغوش میں آخری سانسیں لے رہے شخص کی" آخری خواہش "پوری کرنے کے لئے "اس کے گھر والوں کو فون کیا۔ لیکن بہت افسوس کے ساتھ یہ بتانا پڑ رہا ہے کہ مریض کے گھر والوں نے باپ سے آخری مرتبہ ملنے سے انکار کر دیا کہ کہیں ان کو بھی یہ وائرس نا لگ جائے۔

ہم نے ان سے التجا کی اور لاکھ یقین دلایا کہ ہم نے احتیاطی تدابیر لے لی ہیں اور آپ کے لئے کوئی خطرہ نہیں ہے لیکن وہ نہیں مانے اور فون کاٹ دیا۔

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں قیامت کا ہولناک منظر کھینچتے ہوئے فرمایا: یہ وہ دن ہے کہ جس دن انسان اپنے بھائی سے بھاگے گا، اپنے ماں باپ اور اپنی بیوی بچوں سے بھاگے گا۔

یہ ووہان ہے... یہ امریکہ ہے۔۔۔ یہ اٹلی بھی ہوسکتا ہے یا پھر پاکستان ہر جگہ ایک جیسے مناظر ایک جیسا خوف وہراس، ایک جیسا ماحول۔۔ کرونا وائرس انسانوں کے ساتھ جو کیا وہ کسی قیامت سے کم تو نہیں تھا دنیا بھر میں سینکڑوں، ہزاروں شہر، لاکھوں ہسپتال اور کروڑوں متاثرین سب سے سب ایک وباء کے سامنے ڈھیر ہوگئے یہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ انسان چاند کی تسخیر کے باوجود قدرت کے سامنے بے بس ہے۔ ووہان کے ایک ہسپتال میں اسٹریچر پر لیٹے مریض کو ڈاکٹرز نے جواب دے دیا، اس کے چہرے پر مایوسی تھی اسٹریچر کے ساتھ کھڑا ڈاکٹر لی ہے، مریض نے ڈاکٹر لی سے کہا زندگی کا علم نہیں کیا پتا مزید کتنی سانسیں باقی ہیں ایک خواہش ہے پوری کروگے؟

ڈاکٹر نے پوچھا بتاؤ؟

مریض بولا آج شام کا سورج ڈوبتے دیکھنا چاہتا ہوں قبل اس کے کہ میری زندگی کا سورج ڈوب جائے شاید یہی سورج میری زندگی کا آخری ڈوبتا سورج ہو ڈاکٹر لی مریض کو مغرب سے قبل باہر لے آیا اور مریض نے سورج ڈوبنے کا نظارہ کیا۔ پھر یہ ہوا کہ سورج تو ڈوب گیا لیکن کمال یہ ہوا کہ مریض کی زندگی کا سورج دوبارہ طلوع ہوا، دوسرے دن اس کی صحت میں بہتری کے آثار نمودار ہوئے اور وہ آج مکمل صحت یاب ہوکر گھر بیٹھا ہے لیکن جب بھی سورج ڈوبتے دیکھتا ہے تو رونے لگتا ہے جانتے ہیں کیوں؟ کیوں کہ ڈاکٹر لی کی زندگی کا سورج ڈوب گیا تھا وہ اب اس دنیا میں نہیں ہے۔۔ بلاشبہ جس کی موت لکھی ہوئی ہے اُس نے جانا ہے چاہے وہ بیمار نہ ہو......!!! کرونا وائرس نے درجنوں ڈاکٹروں کی جان لے لی پاکستان میں ایک درجن سے زائد ڈاکٹر انسانیت کی خدمت کرتے کرتے اپنی جانوں کا نذرانہ دے چکے ہیں ایک روز قبل بھارت کی نامور ڈاکٹر عائشہ کرونا کے مریضوں کا علاج کرتے کرتے اپنے خالق حقیقی سے جا ملی ان تمام مسیحاؤں کو پوری انسانیت خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ایک ڈاکٹر نے اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے بتایا کہ ایک 35 سالہ نوجوان کے پھیپھڑوں کی ہے جو جناح ہسپتال لاہور میں انتقال کرگیا تھا حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس کی میڈیکل ہسٹری بتاتی ہے کہ اس کے پھیپھڑوں کا یہ حال صرف 24 گھنٹوں میں ہوا میڈیکل سے وابستہ لوگ تو دیکھ کر سمجھ سکتے ہیں کہ کس طرح کورونا نے پھیپھڑوں کا بھرکس نکال دیا ہے مگر میرے جیسا میڈیکل سائنس میں ڈفر بھی دیکھ رہا ہے کہ مریض کو LG یا SG کے کارتوس سے چھلنی کیا گیا ہو۔

کورونا وائرس کی اپنی بائیو سنتھیٹک مشینری (biosynthetic machinery) نہیں ہوتی۔ جس کا مطلب ہے یہ خوراک کھا نہیں سکتا، خود حرکت نہیں کرسکتا، اپنی افزائش نہیں کرسکتا، یعنی یہ کسی دوسرے زندہ جاندار کے جسم کے اندر رہ کر ہی افزائش کرسکتے چونکہ خود سے حرکت بھی نہیں کرسکتا اس مقصد کے لیئے اسے ایک زندہ جسم کی ضرورت ہوتی ہے۔ جسم تک پہنچ کر سب سے پہلے یہ اس کے جسم کے سیلز میں گھستا ہے، جونہی وائرس ہوسٹ کے ان سیلز میں داخل ہوتا ہے تو سب سے پہلے ان کا مکمل کنٹرول اپنے اختیار میں کرتا ہے. سیلز کے میٹابولزم یعنی دوری ایکسٹرز جو ہوسٹ کے سیلز ہوسٹ کے لئے کر رہے ہوتے ہیں اب وہ وائرس کے لئے کرنا شروع کر دیتے ہیں. آسان الفاظ میں کورونا بہت بڑا ہائیکر ہے۔ جو انسانی جسم کے سیلز کو ہائیک کر کے اپنے استعمال میں لے آتا ہے۔ وائرس اپنے ہوسٹ کے سیلز سے سب سے پہلے اپنے نیوکلیک ایسڈز کی کاپیز تیار کرواتا ہے. ایک سے دو، دو سے چار اور اسی طرح وائرس کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے. وہ ایک ہوسٹ سیل جس کو آغاز میں ایک وائرس نے ہائی جیک کیا تھا اب وہ ہزاروں وائرسز کی آماجگاہ بن چکا ہوتا ہے. اسی دوران یہ ہوسٹ سیل پھٹ جاتا ہے جسے لائسز (lysis) کہا جاتا ہے. ایک سیل کے پھٹنے سے ہزاروں وائرسز برآمد ہوکر ہوسٹ کے جسم کے ہزاروں نئے سیلز میں گھس جاتے ہیں. ایک بار پھر سے وہ تمام سیلز وائرس کی تعداد بڑھانے میں لگ جاتے ہیں. اور لاکھوں نئے سائیکلز شروع ہوجاتے ہیں. ان سارے مراحل کے دوران ابھی تک ہوسٹ بظاہر صحت مند رہتا ہے. کیونکہ ہوسٹ کا اپنا جسم بھی کھربوں سیلز کا بنا ہے اور لاکھوں سیلز تباہ ہوجانے کے باوجود نارمل دکھائی دیتا ہے. ان مراحل کو وائرس کا انکیوبیشن پیریڈ (incubation period) کہا جاتا ہے. جیسے وزیر تعلیم سعید غنی بظاہر ٹھیک ہیں اور محسوس بھی نہیں کر رہے پھر بھی کورونا + ہیں۔ یہ اس incubation period میں تھے کہ چیک ہو گئے۔ ان ساری معلومات کا مقصد آپ کو یہ یقین دلانا ہے کہ اگر آپ اب تک کرونا میں مبتلا نہیں بھی ہیں پھر بھی آپ خود کو اور دوسروں کو بچائیں. آپ میں سے کوئی بھی وائرس کا کیریئر ہوسکتا ہے مگر وائرس انکیوبیشن پیریڈ میں ہونے کے باعث علامات ظاہر نہیں کر رہا۔ خطرے کی بات یہ ہے کہ کورونا کش ادویات ابھی مارکیٹ میں نہیں احتیاط ہی آخری اعلاج ہے۔ پھر سوال یہ ہے کہ جو صحت یاب ہوگئے ہیں یہ کیسے ممکن ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ اپنے جسم کے مدافعتی نظام کے باعث ہورہے ہیں. مدافعتی نظام یا امیون سسٹم بیماری پیدا کرنے والے جراثیموں کے خلاف ہمارے جسم کا ایک قدرتی حفاظتی نظام ہے۔ جو ہائی جیک ہونے سے پہلے آخری حد تک مقابلہ کرتا ہے۔ اور یہی قدرتی حفاظتی نظام ہی لوگوں کو کرونا سے محفوظ کر رہا ہے۔ لیکن ماہرین کا خیال ہے ابھی ہم خطرے میں ہیں اسلئے احتیاط میں ہی عافیت ہے ذرا تصور کی آنکھ سے دیکھئے ماضی کا خوف وہراس کیا یہ قیامت سے کچھ کم تھا؟ ان ساری باتوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہمیں اس عالمی وباء کے خلاف کھڑے ہوکر خود کو بچانا ہے. اپنے اہل خانہ کو بچانا ہے. اپنے ملک کو بچانا ہے. اور تمام نسل انسانی کو اس بحران سے نجات دلانی ہے ابھی احتیاط کریں زیادہ سے زیادہ اپنے گھروں میں قیام کریں اپنے ہاتھوں کو دھوتے رہیں. مصافحے اور معانقے سے پرہیز کریں. پرہجوم جگہوں سے دور رہیں. سیر سپاٹے ترک کریں کہیں کرونا پھر نہ لوٹ آئے۔

مقبوضہ کشمیر پر بھارت کی فوج کشی

روحیل اکبر

گذشتہ روز 27 اکتوبر کو پوری دنیا میں کشمیر پر بھارت کے فوجی قبضے کے خلاف یوم سیاہ منایا گیا مقبوضہ کشمیر پر بھارت کی فوج کشی غیر قانونی قبضہ اور تسلط قائم ہے کشمیریوں کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے لاکھوں کشمیریوں کو شہید اور ہزاروں خواتین کو بیوہ کر دیا گیا ہے، مقبوضہ کشمیر میں سینکڑوں خواتین کو برسوں سے اپنے خاوندوں سے متعلق کوئی اطلاع نہیں ہے کشمیری 73 برسوں سے 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں اور اقوام متحدہ کو باور کروا رہے ہیں کہ ہندوستانی فورسز نے مقبوضہ کشمیر پر جبراً قبضہ کیا ہوا ہے جس کا کوئی اخلاقی، قانونی جواز نہیں ہے۔

ہندوستانی فوج کشمیریوں کے خون سے ہولی کھیل رہی ہے کشمیر کا بچہ بچہ آزادی کی صدائیں بلند کر رہا ہے مودی سرکار آئے روز آزادی کی تحریک کو کچلنے کے لیے نئے نئے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے۔ بھی مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش ہورہی ہے کشمیریوں کو نام نہاد مقابلوں میں شہید کیا جارہا ہے لاکھوں غیر ریاستی باشندوں کو مقبوضہ کشمیر کی شہریت دی جارہی ہے بھارت کے یہ اقدامات خطے میں سیکورٹی سے متعلق شدید خدشات کو جنم دے رہے ہیں کشمیریوں کے حقوق سلب کرنے سے بھارتی مذموم سازش کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے پاکستان کی کوششوں کے باعث آج دنیا میں بھارتی نام نہاد سیکولرازم اور جمہوریت بے نقاب ہوچکی ہے، بھارت مذہبی آزادی کے حوالے سے خطرناک ملک بن چکا ہے اور کشمیری اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے عزم واستقامت سے کھڑے ہیں بھارت نے پچھلے سال 5 اگست کو بھی انتہائی قابل مذمت اقدامات اٹھاتے ہوئے ایک بار پھر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی دھجیاں اڑائیں بھارت اسرائیل طرز پر مقبوضہ کشمیر کی ڈیموگرافی تبدیل کرنے کی کوشش کررہا ہے، بھارت میں ایمنسٹی انٹر نیشنل سمیت دیگر غیر جانبدار انسانی حقوق کی تنظیموں پر پابندی لگائی جارہی ہے بھارت اور پاکستان دونوں ایٹمی طاقت رکھنے والے ممالک ہیں۔

بھارت کی انتہا پسند پالیسیز پوری دنیا کے امن کے لیے خطرناک ہیں کیونکہ کشمیر نہ پہلے اُس کا تھا اور نہ آئندہ ہوگا اگر ہندوستان نے ضد نہ چھوڑی تو دنیا کے نقشے پر ہندوستان کے بطن سے کئی ملک جنم لیں گے۔ پورے ہندوستان میں اقلیتیں عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ وادی کشمیر میں کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں کی گونج سے ہندوستان کے ایوان لرز رہے ہیں 27 اکتوبر 1947 کو ہندوستان نے کشمیر میں فوجیں اتاریں اور مہاراجہ سے جعلی معاہدہ کو جواز پیش کیا۔ انگریزی محقق نے بھی تحقیقات کیں کہ مہاراجہ کے ساتھ الحاق کی قرارداد جعلی ہے۔ ہندوستانی رہنما جواہر لعل نہرو نے اقوام متحدہ سے وعدہ کیا تھا کہ کشمیر میں رائے شماری کروائی جائے گی۔ 73 سال گزرنے کے باوجود ہندوستان اپنے وعدوں پر عمل درآمد نہیں کر رہا کشمیر میں ظلم وجبر کے پہاڑ ڈھائے جا رہے ہیں عالمی برادری کی منظور کردہ قراردادوں کو بھی ہندوستان مسترد کر رہا ہے۔

انسانی حقوق کی تنظیمیں مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی مظالم کی رپورٹس پیش کر چکی ہیں مگر ہندوستان اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے عالمی برادری کشمیر کو ہندوستانی فوجی قبضے سے چھڑانے کے لیے مداخلت کرے، مشرقی تیمور، جنوبی سوڈان میں مداخلت کی جاسکتی ہے تو کشمیر میں مداخلت کیوں نہیں کی جاتی، 5 لاکھ کشمیری شہداء کا خون عالمی برادری کے سر ہے کشمیریوں پر بھارت نے تمام سامراجی ہتھکنڈے استعمال کر لیے ہیں لیکن کشمیری پوری جرات اور بہادری کے ساتھ آزادی کے مشن پر ڈٹے ہوئے ہیں، تمام تر مظالم کے باوجود کشمیریوں کا جذبہ آزادی سرد نہیں ہوا نریندر مودی نے کشمیریوں کو 14 ماہ سے یرغمال بنا رکھا ہے (جاری ہے)

سیاحتی مقامات کی تباہی

اگر آپ اسلام آباد جانے کا ارادہ کریں اور وہاں موجود حسین پہاڑی چوٹی کے حسین مقام پیر سوہاوہ نہ جائیں تو آپ کی سیر ادھوری ہے۔۔ یہ چوٹی آپ کے

ممتاز ملک۔ پیرس

سامنے اسلام آباد اور راولپنڈی کا نظارہ جیسے ایک تھال میں رکھ کر پیش کر دیتی ہے۔

کچھ سال پہلے جب ہمارا وہاں جانا ہوا تھا تو اس کی چوٹی پر ایک ڈھابہ اسٹائل کا ریسٹورنٹ تھا جہاں چار پائیاں بچھی ہوتی تھیں یا پلاسٹک کی میز کرسیاں۔ اور خلق خدا کا خصوصاً فیملیز کا رش تھا جس سے اس مقام کی پسندیدگی کا اندازہ کیا جا سکتا تھا۔ اس ریسٹورنٹ میں ملنے والا چکن ایک بار کھائیں تو بار بار اسی کی لذت میں آپ وہاں جانے پر مجبور ہوجائیں۔ اور قیمت بھی انتہائی مناسب۔ وہ نظارہ آپکی یادداشتوں میں ہمیشہ کیلئے نقش ہوجاتا تھا۔ ہر غریب امیر کی یہاں تک رسائی بھی تھی اور یہ سیر اسکی جیب پر اتنی بھاری بھی نہیں تھی۔

اس بار چار پانچ سال بعد 2019ء میں جب وہاں جانے کا موقع ملا تو یہ دیکھ کر شدید صدمہ پہنچا کہ اس ڈھابے کی جگہ ایک بلند و بالا ریسٹورنٹ تعمیر ہو چکا ہے۔ ساتھ میں ڈیکوریشن پیسز اور جیولری کے سٹال لگ چکے ہیں۔ جن کی قیمت ہوشربا تھی۔ جس قیمت میں وہاں سے بہترین چکن تکہ کھا کر لوگ نکلتے تھے اب اسی قیمت میں اس ہائی فائی ریسٹورنٹ سے آپ چائے بھی نہیں پی سکتے۔ جس پہاڑی کی چوٹی سے لوگ شہر کا دلکش نظارا کیا کرتے تھے اب وہاں اونچی اونچی دیواریں بنا دی گئی ہیں۔ نیچے نظارا کرنا بیحد مشکل ہوگیا ہے۔ ظاہر ہے اس ریسٹورنٹ کا فضلہ اس جگہ سے اسی پہاڑی سے نیچے گرا کر اس کے جنگل اور چھوٹی چھوٹی خوبصورت آبگاہوں کو برباد کر رہا ہے۔ عام آدمی کے اس سیاحتی مقام کو ہائی جیک کر کے اشرافیہ اور دو نمبر مالداروں کا خصوصی ٹھکانہ بنا دیا گیا ہے۔ جب کہ ان لوگوں کے لیئے وہاں پہلے سے ہی ایک گیسٹ ہاؤس موجود تھا۔ تو اسے عام آدمی کی پہنچ سے دور کیوں کر دیا گیا ہے۔ ایک عجیب سے نحوست برستی دکھائی دی وہاں۔ کوئی رش بھی نہیں تھا۔ ظاہر ہے ڈھائی سو روپے کی چائے کی ایک پیالی پینے ایک عام آدمی تو فیملی کے ساتھ وہاں جانے سے رہا۔

دوسرا سیاحتی مقام جہاں ہر بار ہمارا جانا ہوتا ہے وہ ہے مالا کنڈ (کے پی کے) مالا کنڈ کا بڑا بس اڈا بٹخیلہ کی خوبصورت اور زور آور نہر کے کنارے واقع ہے۔ اس کے پل کے آر پار مارکیٹ اور بازار اب کافی زیادہ بن چکے ہیں۔ یہ ایک مقامی اہم بس اڈا ہے۔ یہیں سے ہمیں لوکل طور پر کہیں جانے کے لیئے جہاں میں سال پہلے تک تانگے چلا کرتے تھے وہاں اب چنگچی، رکشہ، سوزوکیاں اور پرائیویٹ گاڑیاں بھی مل جاتی ہیں۔

یہاں کی اچھی بات یہ پرائیویٹ آرام دہ گاڑیاں ہیں جنہیں آپ روک کر پوچھ سکتے ہیں کہ آپ فلاں جگہ تک جارہے ہیں کیا؟ اگر وہ کہے ہاں تو آپ اس سے کرایہ پوچھ کر بے خطر اس کے ساتھ بیٹھ کر سفر کر سکتے ہیں اور وہ آپ کو باحفاظت آپ کے مطلوبہ مقام پر اتار دیتے ہیں۔ ویسے تو یہاں کے لوگ بیحد مددگار اور مخلص ہوتے ہیں لیکن اگر آپ اکیلے ہیں یا زبان نہیں جانتے تو ایسا رسک نہ ہی لیں تو اچھی بات ہے۔ کسی زبان جاننے والے کو ساتھ لے لیں تو بہتر ہوگا۔ یہاں کے اکثر نوجوان لوگ اردو جانتے بولتے اور سمجھتے ہیں۔ اس نہر کے کنارے قانونی طور پر تعمیرات کی اجازت نہیں تھی لیکن اس بار جو دیکھا وہ بیحد افسوسناک تھا۔ اس نہر کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر گھر اور ہوٹلز بنا دیئے گئے ہیں جس کا فضلہ اس نہر کی جانب گرایا جارہا ہے۔

اگر اسے فوری طور پر نہ روکا گیا تو یقین جانیئے یہ خوبصورت رواں دواں تاریخی نہر راولپنڈی کے نالہ لئی کی صورت اختیار کر جائے گی۔ خدا کے لیئے اس جانب توجہ دیجیئے اس نہر اور باقی تمام نہروں اور ندیوں کو نالہ بننے سے بچایئے۔ دنیا سے سیکھیئے کہ وہ اپنی سیرگاہوں، نہروں اور آبی گزرگاہوں کی کیسے حفاظت کرتی ہیں۔ حکومت وقت کو اس پر فوری اقدام لینا چاہیئے۔ ایک اور اہم ترین مسئلہ اسی بٹخیلہ سے جب درگئی کی جانب جانے کے لیئے روانہ ہوتے ہیں تو انخلاء پر ہی اس قدر شدید ٹریفک جام کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ اس وقت میں باآسانی ایک شہر سے دوسرے شہر تک سفر کیا جا سکتا ہے۔ اس پر توجہ دیجیئے۔ یہاں ٹریفک سگنلز لگایئے۔

گول چکر بنایئے اور باقاعدہ ٹریفک پولیس تعینات کیجیئے۔ یہیں سے گزر کر چکدرہ، سوات، کافرستان اور مالم جبہ کی گزرگاہوں تک پہنچا جاتا ہے اسے نظر انداز کرنا سیاحتی نقطہ نظر سے بھی نقصان دہ ہے بلکہ مقامی آبادیوں کے لیئے بھی باعث آزار ہے۔ سیاحتی مقامات کے حسن کو بچایئے اور اس کے نزدیک آبادیاں بنانے اور ہوٹلز کی تعمیرات کو روکنے کے لیئے فوری اقدامات کیجیئے۔ ورنہ خدانخواستہ یہ قدرتی نظارے بھی "ہیں" سے "تھے" میں جا کر کھو جائینگے۔

کشمیریوں پر بھارتی جبر

27 اکتوبر 1947 تاریخ کا سیاہ ترین دن جب بھارت نے وادی کشمیر میں اپنی فوجی دستے بھیج کر اپنا تسلط قائم کیا بھارت نے کشمیریوں پر ظلم وستم ڈھا کر

محمد مظہر رشید چودھری

وادی کے ایک بڑے حصے پر گزشتہ 73 سال سے قبضہ کر رکھا ہے، 27 اکتوبر کو ہر سال کشمیری، اقوام متحدہ کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں استصواب رائے کا وعدہ پورا کرنے کی یاد دلاتے ہیں، 5 اگست 2019 میں بھارت کی حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی نے مقبوضہ کشمیر کو خصوصی حیثیت دینے والے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کو ختم کر کے جموں وکشمیر اور لداخ کو یونین ٹیریٹری بنا کر زبردستی بھارت کا حصہ بنادیا۔

گزشتہ سال 5 اگست 2019 کو بھارت نے آرٹیکل 370 کو منسوخ کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کے حریت پسند گروپوں کو عملی طور پر کچلنے کی حکمت عملی اپنائی، ایک رپورٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک آزادی کشمیر میں سال 1988 سے اب تک مجموعی طور پر 40768 کشمیریوں کو شہید کیا گیا جن میں 25203 حریت پسند اور 15147 عام شہری شامل ہیں ان میں 1988 سے 2000 تک 12396 حریت پسند اور 10310 عام شہری شہید ہوئے۔ 1988 سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 6994 سیکورٹی اہلکار ہلاک ہوئے، مقبوضہ کشمیر میں 2000 سے اب تک بھارتی فوج کی طرف سے کی گئی کارروائیوں میں 110185 افراد زخمی ہوئے، 4847 عورتیں بیوہ ہوئیں، 11560 بچے یتیم ہوئے، 11075 مکانات یا دوسرے تعمیراتی سٹرکچر کو نقصان پہنچایا گیا جبکہ خواتین کی بے حرمتی کی گئی، رپورٹ کے مطابق مقبوضہ جموں وکشمیر میں رواں سال 2020 میں 121 واقعات میں 229 کشمیریوں کو شہید کر دیا گیا۔ جن میں جنوری میں 22، فروری میں 12، مارچ میں 13، اپریل میں 33، مئی میں 16، جون میں 51، جولائی میں 24، اگست میں 20، ستمبر میں 20 اور اکتوبر میں 18 کشمیریوں کو شہید کیا گیا۔ جبکہ 49 فورسز اہلکار ہلاک ہوئے۔

پولیس کے مطابق رواں سال اسلحہ برآمدگی کے 151 واقعات ریکارڈ کئے گئے، امسال دھماکوں کے 31 واقعات میں 30 شہریوں اور ایک سیکورٹی اہلکار کی اموات ہوئیں جبکہ 22 سیکورٹی اہلکار زخمی ہوئے، سال 2020 میں 119 مختلف واقعات میں 248 افراد کو گرفتار کیا گیا، رپورٹ کے مطابق 16 جولائی 2016 کو برہان وانی کی شہادت کے بعد بھارتی فوج نے پیلیٹ گنز سے عوام کو نشانہ بنانے کی حکمت عملی اختیار کی اس وقت سے اب تک چھروں سے زخمی افراد کی تعداد 10120 ہے جبکہ 75 کشمیری مکمل طور پر بصارت سے محروم ہوگئے ہیں، 198 ایک آنکھ کی بصارت سے محروم ہوئے، (جاری ہے)

نواز شریف کا بیانیہ اور راست اقدام (آخری قسط)

کا مودی کا پیغام لایا تھا۔ پٹھان کوٹ میں بھارت نے خود ڈرامہ گھڑا تھا۔ ہمارے وفد سے تعاون بھی نہیں کیا تھا۔ اس حساس معاملہ پر نواز شریف نے خود

میر افسر امان

پاکستان میں ایف آئی آر کٹوا کر انکواری شروع کی جو ملک دشمنی تھی۔ بمبئی ہوٹل حملہ کے مبینہ کردار اجمل قصاب کا گھر پاکستان میں ہونے کی بات بھی کی تھی۔ اس میں فوج کے دشمن حامد میر کا بھی کردار تھا۔ ہمیشہ فوج کے سربراہوں سے لڑائی مول لی۔ فوج کو بدنام کرنے کے لیے خفیہ میٹنگ کی باتیں باہر لیک کیں، اپنے حلف وفاداری کا بھی خیال نہیں رکھا؟ اعتراف کے طور پر اپنے وزیروں مشیروں کو قربانی کا بکرا بنا کر فارغ کیا۔ فوج کو پنجاب کی گلو بٹ جیسے پولیس بنانے کی کوشش کی۔ جسے پاکستان کی بہادر فوج نے نہیں مانا تو فوج کے مخالف ہوگئے۔ اور بہت سی نواز شریف کی پاکستان دشمن باتیں ہیں۔ سب سے بڑی بات کہ بانی پاکستان کے دوقومی نظریہ کی نفی کی۔ کہا میں بنیاد پرست نہیں بلکہ سیکولر ہوں۔ کیا کیا بیان کیا جائے۔

ذرائع کہتے ہیں کہ نواز شریف نے کھل کر بھارت کا بیانیہ بولنا شروع کر دیا ہے۔ اس سے ملک کو نقصان پہنچنے کا خطرہ صاف نظر آرہا ہے۔ لہٰذا پاکستان بنانے والی آل انڈیا مسلم لیگ کی جان نشین نواز مسلم لیگ کے ممبران صوبائی اور قومی اسمبلی کو پاکستان کی محبت میں نواز شریف سے کنارہ کش ہو جانا چاہیے۔ عوام کو صرف مہنگائی کے حوالے سے اپوزیشن کا ساتھ دینا چاہیے۔ ملک کی فوج کے خلاف اور ملک توڑنے کے بیانیہ سے کنارہ کش ہونا چاہیے۔ مقتدر حلقوں اور سپریم کورٹ کو بھی ملک کو نقصان پہنچانے پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ کیا سارے ملک دشمنوں کو لندن میں اپنے ٹھکانے بنا رکھنے کی اجازت ہونی چاہیے؟ نہیں ہرگز نہیں: عمران خان کو سزا یافتہ مجرموں کو برطانیہ کے وزیر اعظم سے بات کر کے انہیں واپس پاکستان لا کر قانون کے حوالے کرنا چاہیے۔ پاکستان کے عوام کو عمران خان کے کرپشن فری پاکستان کے بیانیہ کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ اگر کرپٹ لوگوں کو ابھی نہیں پکڑا گیا تو کبھی بھی نہیں پکڑے جائیں گے۔ نیب کو عمران خان کے کرپٹ ساتھیوں کے خلاف بھی ریفرنس بنانے چاہییں۔ تاکہ جن پر کرپشن ثابت ہوچکی ہے ان کے جھوٹے پروپیگنڈے کا توڑ ہو سکے اور انصاف کے تقاضے بھی پورے ہوں۔ جس طرح گیارہ جماعتیں عمران حکومت گرانے پر تلی ہوئی ہے اسی طرح حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں اپوزیشن کے ملک دشمن بیانیے کی کھل کر نفی کرنی چاہیے۔ ہم بار بار عمران خان کو یاد کرتے رہے ہیں۔ فوراً مہنگائی ختم کریں۔ عوام تنگ آمد بجنگ آمد پر تیار ہو گئے ہیں۔ دیکھا جائے تو ملک میں جماعت اسلامی صحیح اپوزیشن کا کردار ادا کر رہی ہے۔ مہنگائی کے خلاف یکم نومبر سے تحریک شروع کرنے والی ہے۔ سینیٹر اور امیر جماعت اسلامی سراج الحق کرپشن میں ملوث سیاست دانوں کی مذمت کرتے ہیں۔ ۴۳۶ آف شور کمپنیوں والے لوگوں کے خلاف سپریم کورٹ میں مقدمہ کی پیروی کر رہی ہے۔ اللہ سیاست دانوں کو ہدایت دے وہ سیاست تو کریں مگر ملک کی جڑیں کھوکھلی نہ کریں۔ سپریم کورٹ کے مطابق سیاست دانوں نے ملک کے سارے ادارے تباہ کر دیے ہیں۔ صرف فوج اور عدلیہ بچی ہے اس کو بھی متنازعہ بنا رہے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

27 اکتوبر کشمیریوں کا یوم سیاہ

لائن آف کنٹرول کی دونوں جانب اور دنیا بھر میں بسنے والے کشمیری 27 اکتوبر کا دن یوم سیاہ کے طور پر

رانا اعجاز حسین چوہان

مناتے ہیں، کیونکہ یہ وہ دن ہے جب 1947ء میں بھارتی فوج کشمیر میں داخل ہوئی اور اس نے سرینگر میں اترتے ہی بیگناہ کشمیریوں پر مظالم، قتل عام اور جبری قبضے کا آغاز کیا، جو کہ آج تک جاری ہے۔ اس دن پوری دنیا میں کشمیری اپنے وطن پر بھارتی فوج کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف احتجاج کرتے ہیں، اور عالمی ضمیر کو بیدار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مقبوضہ وادی کشمیر جہاں صورتحال روز بروز خراب سے خراب تر ہوتی جارہی ہے، گزشتہ چودہ ماہ سے نافذ کرفیو نے پوری وادی کو ایک بڑی جیل میں تبدیل کر دیا ہے۔ مقبوضہ وادی میں طویل ترین کرفیو کی وجہ سے کشمیر کا رابطہ بیرونی دنیا سے کٹ چکا ہے کیونکہ بیشتر ذرائع ابلاغ انٹرنیٹ، ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، اخبارات بند ہیں۔ ٹرانسپورٹ کی بندش کے سبب وادی میں اشیاء خورد ونوش کی کمی کے باعث قحط کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے، شیر خوار بچے دودھ کیلئے بلک رہے ہیں، مریض دوائیوں کیلئے رل رہے ہیں، ہسپتال مریضوں سے بھر گئے ہیں۔ بھارت کشمیر کی جغرافیائی تبدیلی کے ساتھ ساتھ کشمیری مسلمانوں کی نسل کشی بھی کر رہا ہے۔ سینکڑوں کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کر کے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے، نہتے کشمیریوں کو آئے روز شہید کیا جارہا ہے۔ مقبوضہ وادی میں وہ ممنوعہ ہتھیار بھی استعمال کئے جا رہے ہیں جن پر اسرائیل بھی پابندی لگا چکا ہے، بھارتی فوج کی جانب سے پیلٹ گن کے استعمال کیوجہ سے ہزاروں کشمیری بینائی سے محروم ہو چکے ہیں۔

مسلمانوں کی املاک و باغات کو تباہ کیا جارہا ہے، کشمیریوں کی تیار فصلوں اور جنگلات کو جلایا جارہا ہے۔ بھارتی فوجی اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے غنڈے کشمیری ماؤں بیٹیوں کی عصمت دری کر رہے ہیں۔ بہت سے مقامات پر مسلمانوں کو مساجد تک میں نماز کی ادائیگی کی اجازت نہیں۔ بھارت بھر کے شدت پسند ہندوؤں کو مقبوضہ وادی کے ڈومیسائل جاری کئے جارہے ہیں۔ لیکن ان سب ظالمانہ اقدامات کے باوجود عالمی ضمیر جاگنے کا نام نہیں لے رہا، اور بھارت کے قاتل ہاتھ روکنے والا کوئی نہیں۔ اس صورتحال پر دنیا بھر میں انسانیت کی اعلیٰ اقدار سے محبت کرنے والے لوگ مقبوضہ کشمیر کے ان بچوں، جوانوں اور بوڑھوں کو سلام پیش کر رہے ہیں جنہوں نے ہر قسم کے مظالم کا سامنا کرنے اور ہر روز اپنے پیاروں کی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے باوجود آزادی وحریت کا پرچم نہ صرف سربلند رکھا بلکہ ان کی جدوجہد ہر گزرتے دن کے ساتھ زیادہ ولولہ انگیز نظر آرہی ہے۔ مظلوم کشمیری عوام نے بھارتی سیکورٹی فورسز کے ہر ظلم کے باوجود آزادی آزادی کے نعرے لگا کر اور جا بجا پاکستانی پرچم لہرا کر اقوام عالم کے سامنے یہ واضح کر دیا ہے کہ وہ اپنی آزادی کا فیصلہ اپنی مرضی سے کرنے کے حق سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ کشمیر کے معاملے پر حکومت پاکستان نے یہ معاملہ اقوام متحدہ میں کئی بار پہنچایا اور ہر بار اقوام متحدہ کی قراردادوں میں کشمیر کو متنازعہ علاقہ قرار دے کر اس کے حل کے لئے بھارت پر زور دیا گیا۔ لیکن کیا وجوہات ہیں کہ اقوام متحدہ بھی اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کروانے میں بے بس ہے۔

لاکھوں کشمیری عوام حق خود ارادیت کے حصول کے لئے اپنی جانوں کی قربانی دے چکے ہیں۔ بھارتی فوج کی جانب سے کشمیریوں پر ظلم کے تہتر سال کے بعد تک اس مسئلے کے حل کے سلسلے کی کوششیں جاری ہیں جس کے لئے کئی فارمولے اور معاہدے ہو چکے ہیں لیکن بھارت کبھی اس معاملے کے حل میں کبھی مخلص نہیں رہا۔ بلکہ جب بھی اس مسئلے کے بارے میں مذاکرات شروع ہوئے وہ کوئی نہ کوئی نیا محاذ کھڑا کر دیتا ہے جس سے کشمیر کا معاملہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہے اور پیشرفت رک جاتی ہے۔ مسئلہ کشمیر ڈیڑھ کروڑ سے زائد انسانوں کے بنیادی حقوق سلب کرنے کا مسئلہ ہے، آٹھ لاکھ بھارتی فوج وحشیانہ کارروائیوں کی مدد سے کشمیریوں کی آواز دبانے کی کوششوں میں مصروف ہے جبکہ بھارتی میڈیا منفی پراپیگنڈہ پر عمل پیرا ہے۔ بھارت کا مسلسل غیر ذمہ دارانہ رویہ ایشیاء میں کسی بڑے سانحے کو جنم دے سکتا ہے، اس لیے مسئلہ کشمیر کا جلد از جلد حل ناگزیر ہے۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ عالمی برادری نہتے کشمیری مسلمانوں پر بھارت کے بدترین مظالم کا سلسلہ رکوانے میں کردار ادا کرے، اور مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے، تاکہ مظلوم کشمیری مسلمان آزادی کی زندگی بسر کرسکیں۔

لو جہاد ایک بکواس منفی پروپیگنڈا

بھارت میں انتہا پسند ہندوؤں کا دعویٰ ہے کہ ملک بھر میں مسلمان، درجنوں ہندو لڑکیوں کو اغوا کرنے کے

قادر خان یوسف زئی

بعد انہیں محبت کے جال میں پھنسا رہے ہیں اور ان کا واحد مقصد انہیں ہندو سے مسلمان بنانا ہے۔ مسلمان مرد اور ہندو لڑکی کی شادی کو 'لو جہاد' کا نام دیا جاتا ہے جب کہ ہندو لڑکی اگر مسلم لڑکے سے شادی کرے تو اسے 'قومی یک جہتی' قرار جاتا ہے۔ یہ منفی پروپیگنڈا کئی برسوں سے سے عروج پا رہا ہے، اس حوالے سے ایک اجتماعی شادی پر بھارتی قومی تحقیقاتی ایجنسی این آئی اے کو کیرالہ میں بین المذاہب شادیوں کی تحقیقات کی تھی لیکن انہیں اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ملا کہ ہندو لڑکیوں کو مسلم لڑکوں سے شادی کرنے اور مذہب اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا گیا۔ ایجنسی کے اہلکاروں کے مطابق انہیں ان معاملات میں قانونی کارروائی کرنے کے لیے کسی بڑی سازش کے شواہد نہیں ملے۔ این آئی اے نے 89 شادیوں میں سے 11 کی جانچ کی، سپریم کورٹ نے لو جہاد کے معاملات کی جانچ کا حکم دیا تھا۔ یہ حکم کیرالہ کی ایک 24 سالہ خاتون ہادیہ عرف اکھیلا کی ایک مسلم نوجوان شافعین جہاں سے شادی کے تناظر میں دیا گیا تھا۔

لو جہاد کے منفی پروپیگنڈے کا اثر مودی سرکار میں مزید انتہا پسندی کا شکار ہو رہا ہے، اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ بھارت میں ایک بڑے کاروباری گروپ نے اپنے سونے کی مصنوعات کا اشتہار نشر کرایا تو اس پر انتہا پسند ہندو بھڑک اٹھے، یہاں تک کہ بالی وڈ فنکاروں نے بھی لو جہاد کے نام سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا، جس کا اندازہ اداکارہ کنگنا رانا ؤت کے اس دعوی سے کیا جاسکتا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ یہ (اشتہار) "لو جہاد اور جنس پرستی" کو بڑھاوا دے رہا ہے۔ انہوں نے ٹوئٹ کیا کہ "بطور ہندو ہمیں اس بات کے لئے چوکنا رہنے کی ضرورت ہے کہ کیا یہ تخلیقی دہشت گرد ہماری لاشعوری میں کیا انجکشن لگا رہے ہیں'۔ ہمیں اس بات پر غور کرتے بحث کرنے اور اندازہ لگانے کی ضرورت ہے یہ لوگ جو ہمیں کھلا رہے ہیں اس کا نتیجہ کیا نکلنے والا ہے' ہماری تہذیب کو بچانے کا یہی ایک راستہ ہے"۔

بھارت میں یک بار پھر لو جہاد کے منفی پروپیگنڈے پر مودی سرکار نے ایک بار پھر ہندو انتہا پسندی فروغ دیا۔ بھارتی ریاست اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے مشیر برائے اطلاعات شلبھ منی ترپاٹھی نے بھی اس معاملے میں سوال کیا ہے کہ 'یہ لو جہاد نہیں تو اور کیا ہے؟'۔ ہندو انتہا پسند تنظیم بجرنگ دل سمیت بعض تنظیمیں ان واقعات کو 'لو جہاد' کا نام دے کر ان شادیوں کی مخالفت کر رہی ہیں۔ اس قسم کے معاملات پر چند نوجوان لڑکیوں نے شادیاں کیں تھی جس پر ان کے اہل خانہ نے اس معاملے میں کانپور رینج کے انسپکٹر جنرل پولیس موہت اگروال سے ملاقات کی جس کے بعد آئی جی سے اس معاملے کی تحقیقات کے لیے سپیشل انویسٹی گیشن ٹیم (ایس آئی ٹی) بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ آئی جی موہت اگروال نے کہا کہ اگر ان واقعات میں کوئی قصوروار پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ حکام کے مطابق کانپور کے علاقے باڑہ کی نوجوان لڑکی شالنی یادیو نے گذشتہ ماہ کانپور کے رہائشی محمد فیصل نامی نوجوان سے شادی کی تھی۔ شادی کے بعد شالنی کے اہل خانہ نے فیصل کے خلاف اپنی بیٹی کو اغوا کرنے کی رپورٹ لکھوائی تھی۔ لیکن اس دوران شالنی اور فیصل نے ایک ویڈیو جاری کرتے ہوئے کہا کہ یہ شادی انھوں نے اپنی مرضی اور پسند سے کی ہے اور پولیس سے اپیل کی کہ وہ ان کو یا ان کے اہل خانہ کو پریشان نہ کریں۔

فرانسیسی نیوز ایجنسی اے ایف پی کے ایک جائزے شائع ہوا، جس میں لکھا ہے کہ "قومی میڈیا پر شمالی ریاست اُتر پردیش کی ایک بیس سالہ لڑکی کو دکھایا گیا، جس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے اور جو یہ بتا رہی تھی کہ اُسے اغوا کرنے اور زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد زبردستی اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا گیا۔ اگرچہ گزشتہ ہفتے اسی خاتون نے ہنگامہ خیز انداز میں اپنے تمام الزامات یہ کہتے ہوئے واپس لے لیے کہ اُس کے گھر والوں نے اس پر دباؤ ڈال کر من گھڑت کہانی سنانے کے لیے کہا تھا۔

"لو جہاد" کی اصطلاح 2009ء میں اُس وقت سامنے آئی جب ایک ہندو انتہا پسند تنظیم نے دعویٰ کیا تھا کہ ریاست کرناٹک میں تیس ہزار خواتین کو مسلمان بنا لیا گیا ہے۔ سوا ارب کی آبادی کے حامل بھارت میں مسلمانوں کی تعداد 150 ملین کے لگ بھگ ہے اور انتہا پسند ہندوؤں کا الزام ہے کہ مسلمان اپنی اس "خفیہ مہم" کے ذریعے سیکولر بھارت کو 'اپنا' ملک بنانا چاہتے ہیں۔ "اینٹی لو جہاد فرنٹ" نے ایک پمفلٹ شائع کیا تھا، جس کا متن کچھ ایسا ہے کہ "ہندو بھائیوں سے اپیل۔ جاگو ہندو جاگو! لو جہاد سے سودھان، مسلم لڑکے ہندو نام رکھ کر اور ٹیکا لگا کر ہندو لڑکیوں کو جال میں پھنساتے ہیں۔ ان کا دھرم پرورتن (بدل) کر کے شادی کرتے اور بچے پیدا کرتے ہیں، ایوم (نیز) شریک وماننسک سوشن (جسمانی و ذہنی استحصال) کر کے انھیں چھوڑ دیتے ہیں"۔ بی جے پی بھی "لو جہاد" نے اپنی سیاسی قرارداد کی منظور میں حیرت انگیز دعویٰ کیا تھا کہ "ایک مخصوص مذہب سے تعلق رکھنے والی خواتین کو ریپ کا شکار بنایا جارہا ہے اور ریپ کرنے والوں کا تعلق ایک خاص مذہب سے، یا تو یہ محض اتفاق ہے یا یہ ایک سوچی بھی سازش ہے اور اس پر پارٹی کو تشویش ہے"۔ ہندو انتہا پسند تنظیموں 'آر ایس ایس' ہندو جن جاگرن سمیتی وغیرہ کے مسلمانوں کے ساتھ بغض کا اندازہ "لو جہاد" نامی ایک کتاب سے بھی لگایا جا سکتا ہے، جو انتہائی قابل اعتراض اور نفرت انگیز ہے، جس کے ذریعے بھارت ہی میں نہیں دنیا بھر میں ہندو اور مسلمانوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے کی سازش کی گئی۔

درحقیقت مسلم لڑکی، ہندو لڑکا شادی کے تصور کو بھارتی فلموں کے ذریعے اس قدر پھیلایا گیا کہ، مسلم نوجوان کسی ہندو لڑکی کی کے مذہب کی تبدیلی کے بغیر بھی شادیاں کرنے لگے ہیں اور اسے معیوب نہیں سمجھتے، مسلم نوجوان 'دین اسلام' کی واضح ہدایت کے باوجود کسی بھی مشرک لڑکی کو بطور بیوی، اپنانے اور اس سے بچے پیدا کرنے کو معیوب نہیں سمجھتا، لیکن جب کوئی ہندو لڑکی مسلم ہو کر کسی مسلمان لڑکے سے شادی کر لیتی ہے تو اسے ہندو دھرم کے خلاف سازش اور "لو جہاد" کا نام دیکر ہندو انتہا پسند مسلمانوں کے خلاف ننگی تلوار بن جاتے ہیں۔ واضح رہے کہ مشہور کرکٹر عرفان پٹھان جو ایک موذن کا بیٹا ہے اس نے ایک ہندو لڑکی سے اس کا مذہب تبدیل کے بغیر شادی کی اور ازدواجی زندگی گزار رہا ہے، شاہ رخ خاں کے گھر میں مندر اور نماز کے لیے مختص جگہ بھی۔ سیف علی خان اقرار کرتے ہیں کہ کرینہ کپور نے اسلام قبول نہیں کیا وہ اب بھی ہندو ہیں۔

ہمارے بعض معترضین اور دانشور یہ اعتراض کرتے رہتے ہیں کہ کیا مسلم نوجوان اتنا خوبرو ہے کہ ہندو لڑکی اس کے عشق میں مبتلا ہوکر مسلمان ہوجاتی ہے کیا ہندو لڑکے خوبرو نہیں ہوتے۔ عام لڑکی لڑکوں کے بجائے مشہور مثالیں ہمارے سامنے ہیں نہ جانے متعصب دانش وروں کو یہ کیوں نظر نہیں آتیں۔ مثال کے طور پر سنیل دت نے نرگس سے شادی کی، کرشن چندر نے سلمی صدیقی سے، رتیک روشن نے سوزانے خان سے، اتل اگنی ہوتری نے الویرا خان سے، روہت راجپال نے لائیلہ خان سے، اجیت اگارکر نے فاطمہ دھنڈلی سے، سچن پائلیٹ نے سارا عبداللہ سے، ارون آہوجہ (گوبندہ کے والد) نے نجمہ سے، شرش کندر نے فرح خان سے، ارون گاؤلی نے عائشہ سے، منوج واجپائی نے شبانہ رضا سے، پنکج کپور نے نیلما عظیم سے، گنودیشین راؤ نے تبسم سے، ششی ریکھی نے وحیدہ رحمان سے، راج ببر نے نادرہ ظہیر سے، کرنل سودھی نے نفیسہ علی سے، میورواد دھونی نے ممتاز سے، رندھاوا نے لیکا خان سے، وشنو بھاگوت نے نیلوفر سے، کشور کمار نے مدھو بالا (ممتاز) سے، وی ایس نائیپال نے نادرہ سے، کبیر سومن نے سبینہ یاسمین سے، بی آر اشارہ نے ریحانہ سلطانہ سے، بمبیر بیرور کر نے تسنیم شیخ سے، انوراگ مودی نے شہناز سے، ایم ایس سٹھو نے شمع زیدی سے، روی شنکر نے روشن آرا سے، پردیپ چیرین نے فوزیہ فاطمہ سے، پنکج ادھاس نے فریدہ سے، کے این سہائے نے زاہدہ حسین سے، برتیج سدانا نے سعیدہ خانم سے، نرل پانڈے نے کوثر منیر سے، وجے گوئل نے تبسم سے، امیت موئترا نے ناہید کریم سے، روپ کے شوری نے شمشاد بیگم سے، کے ٹی سپرو نے تاجور سلطانہ سے، رمیش باگوے نے زینب سے، منیش تیواری نے نازنین سے، سیتارام یوری نے سیما چشتی سے، سمیت سہگل نے شاہین سے شادیاں کیں، لمبی چوڑی مزید فہرست بھی ہے، اصل بات یہ ہے کہ ان شادیوں کو تو یہ لوگ رزشتہ ایکتا (قومی یکجہتی) کا نام دیتے ہیں لیکن جب ہندو لڑکی کسی مسلمان سے شادی کرلے تو اسے 'لو جہاد' قرار دیا جاتا ہے۔ آپ کی دلچسپی کے لیے یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ بی جے پی کے نام نہاد مسلم چہرہ شاہنواز حسین اور مختار عباس نقوی کی بیویاں بھی ہندو ہیں، اس پر کبھی بی جے پی نے واویلا نہیں کیا۔

دراصل یہ برصغیر کی تاریخ کا حصہ رہا ہے، جس کی سب سے بڑی مثال اکبر اعظم اور ان کی ہندو بیوی، ملکہ جودھا کو ہم کیوں بھول جاتے ہیں۔ دراصل یہ برصغیر (پاک و ہند) میں سیاسی مقاصد کے تحت زہریلا عنوان بنا کر کی جانے والی سازش ہے۔ بعض افراد اور دانشور یہ کہتے ہیں کہ ایسا غریب ہندوؤں کے ساتھ کیوں ہوتا ہے تو اس کا جواب ماضی میں راجھستان کے وزیر کا ایک مسلمان لڑکی سے شادی کر کے خود مسلمان بن جانے کی مثال موجود ہے، یہ عشق ومحبت کے نام پر رچایا جانے والا جذباتی کھیل ہے جیسے نہ کوئی روک سکا ہے اور نہ روک سکے گا، عشق ومحبت کے نام پر بے راہ روی اختیار کرنے والے مذاہب کی حدود وقیود سے تجاوز کرتے رہیں گے۔ وہ اس عشق کی بازی کو مذہب کے نام پر نہیں روک سکتے۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ کسی بھی مذہب کی لڑکی یا لڑکے کے ساتھ، اغوا یا زیادتی کے واقعات، کسی بھی جانب سے نہیں ہو سکتے۔ یقینی طور پر ایسے واقعات بھی ہوتے ہونگے جس کی بیخ کنی حقائق کی روشنی میں ضروری ہے، بہر حال یہ ایک جذباتی وبے راہ روی کا معاملہ ہے جس میں ہندو یا اسلام مذہب کا کوئی تعلق نہیں۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر، نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ، فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم و تدریس حاصل کرنے والے طلبہ پر حملہ کرنے والوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ منگل کو سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس ایس پی) آپریشن منصور امان نے بتایا کہ دھماکا پشاور کی دیر کالونی میں واقع ایک مدرسے میں ہوا۔ ایس ایس پی آپریشنز منصور امان نے 7 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا منصور امان نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق یہ امپرووائزڈ ایکسپلوزو ڈیوائس (آئی ای ڈی) دھماکا تھا جس میں 5 سے 6 کلو دھماکا خیز مواد استعمال کیا گیا۔ ادھر ایک اور سینئر پولیس عہدیدار نے بتایا کہ مدرسے میں دھماکا اس وقت ہوا جب قرآن پاک کی کلاس جاری تھی اور کوئی فرد مدرسے میں بیگ رکھ کر چلا گیا۔ ایک اور سینئر پولیس افسر محمد علی گنڈاپور نے ان معلومات کی تصدیق کی اور کہا کہ زخمی ہونے والوں میں 2 استاد بھی شامل ہیں۔ مدرسے میں ہونے والے دھماکے کے حوالے سے عینی شاہد نے بتایا کہ دھماکے کے وقت مدرسے میں ایک ہزار سے 1200 افراد موجود تھے۔ عینی شاہد کے مطابق مدرسے میں دوسرا پیریڈ شروع ہونے والا تھا کہ ہال میں بیٹھے طلبا کے درمیان اچانک دھماکا ہوا، دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی۔ انسپکٹر جنرل خیبر پختونخوا پولیس ثناء اللہ عباسی نے دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دہشت گردی سے متعلق عمومی تھریٹ موجود تھا۔ سی سی پی او پشاور کے مطابق ہر پہلو سے واقعہ کو دیکھ رہے ہیں، مدرسے میں داخل ہونے والے مشکوک شخص کی تلاش شروع کردی گئی، عوام کو بھی اپنی سیکیورٹی کا خیال رکھنا چاہیے۔ دوسری جانب لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے ترجمان محمد عاصم نے بتایا کہ دیر کالونی میں دھماکے کے بعد 7 لاشوں اور 83 زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا۔ 40 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد فارغ کردیا گیا۔ ترجمان ایل آر ایچ کے مطابق 25 کو ایم ای این ٹی منتقل کیا گیا، 4 زخمیوں کو حیات آباد میڈیکل کمپلیکس منتقل کیا گیا۔

شال بقیہ 2

ہیں۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی ہے۔ دریں اثناء وزیراعلی بلوچستان جام کمال خان نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ 27 اکتوبر تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ 73 سال قبل بھارتی فورسز نے جموں و کشمیر پر زبردستی قبضہ کر کے بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت اور اس کے آبادیاتی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کیلئے قدم اٹھایا۔ انہوں نے کشمیری عوام کی مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ یوم سیاہ کشمیر انسانی تاریخ کے ایک تاریک باب کو اجاگر کرتا ہے۔ ریاست جموں و کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ کی مذمت کرتے ہوئے وزیراعلی کا کہنا تھا کہ ہم کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر فورم پر جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 3

کا نقشہ کھینچیں گے، عمران خان کو اقتدار میں لانے والے مطمئن نہیں تو عوام کیسے مطمئن ہوں گے۔ مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز سے جاتی امراء رائے ونڈ میں ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار اختر مینگل نے کہا کہ حکومت کا ساتھ اس لیے چھوڑا کیونکہ بلوچستان کا احساس محرومی کم نہیں ہوا اگر کمی آتی تو ان کا ساتھ نہیں چھوڑتے، اتحادی کچھ بنیاد اور نکات پر بنتے ہیں، کچھ وعدوں اور معاہدوں پر بنتے ہیں، جب کوئی ایک فریق اپنے ان معاہدات پر عمل نہ کرے اور اپنے وعدوں کا پاس نہ رکھے تو اس سے بڑی امید کیا رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے مرکزی حکومت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم مستدوالوں میں شامل تھے جب ہم ان سے مطمئن نہیں رہے تو حزب اختلاف اپنی جگہ دیگر لوگ کیسے مطمئن رہیں گے، ہم پوچھ رہے تھے ہمارے 6 نکات پر عمل کیوں نہیں ہو رہا ہے، ان میں کون سی ایسی شق ہے جو غیر آئینی اور غیر قانونی ہے، اگر ایسا جرم ہم نے کیا ہے تو کیا اس پر دستخط کرنے والوں کو مجرم ٹھہرایا نہیں جاسکتا، جنہوں نے دستخط کیے ہیں وہ ایوان صدر اور اسپیکر کی کرسی میں بیٹھے ہوئے نہیں ہیں، انہوں نے ہمارے ساتھ جو معاہدے کیے تھے وہ پورا نہیں کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ یا تو پہلے دن کہہ دیتے حکومت سازی کے دوران ہمارے پاکستان پیپلز پارٹی سے بھی مذاکرات ہوئے تو انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے، یہ بھی پہلے دن کہہ دیتے تو شاید نوبت اس حد تک نہ پہنچتی اور اسمبلی کے فلور پر ہم انہیں الوداع نہ کہتے، ہمارے نکات میٹرو بس سے مشکل نہیں تھے، ہم تو ان کے ساتھ چل رہے تھے لیکن وہ رینگ رہے تھے تو ہماری ذمہ داری نہیں تھی ان کو کندھوں میں اٹھاتے، دو سال کا عرصہ کم نہیں ہوتا ہے، اسمبلی اور تمام اجلاس میں انہیں یاددہانی کرواتے رہے۔

شال بقیہ 4

ہیں گزشتہ سات دہائیوں سے شہ رگ پاکستان پنجہ استبداد میں ہے اور نت نئے طریقوں سے اس جنت نظیر وادی پہ ظلم و بربریت کا طوفان برپا ہے جس کے نتیجے میں لاکھوں کشمیری جان کی بازی ہار چکے ہیں لیکن ان کا جذبہ آج بھی جوان ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی کے حق خودارادیت کو کسی صورت بھی دبایا نہیں جاسکتا ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے یوم سیاہ کشمیر کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کرتے ہوئے کیا۔ ریلی کا آغاز پی ڈی ایم کے دفتر سے ہوا جو سریناچوک پر اختتام پذیر ہوا۔ مشیر برائے اقلیتی امور دنیش کمار نے بھی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر بنے گا پاکستان مودی اپنی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بدنام ہوا ہے۔ دفعہ 370 اور 35 اے کا خاتمہ کرکے مودی نے کشمیر پر قبضہ جمانے کی ناپاک کوشش کی ہے۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ عالمی برادری کو کشمیر میں مظالم کا نوٹس لینے ہوگا، اقوام متحدہ کو مسئلہ کشمیر کے حل میں اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 5

محنت اور جانفشانی قابل ذکر ہے، تربت میں کرونا وائرس کی تشخیص اور علاج کے لیے جدید سہولیات جن میں جدید وینٹی لیٹر مشینیں بھی شامل ہیں دیئے گئے جبکہ ایک الگ وارڈ قائم کرکے اس میں بہت ساری سہولیات فراہم کی گئیں کرونا آئسولیشن وارڈ کے لیے مزید مشینری اور جنریٹر فراہم کر رہے ہیں جو آئندہ چند دنوں میں پہنچ جائیں گے۔

شال بقیہ 6

تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے پرزور اپیل کی کہ وہ پولیو کے خلاف جہاد میں حکومتی کوششوں کا ساتھ دیں۔ معاشرے میں پولیو قطرے سے متعلق پائے جانے والے منفی تصورات کو بھی مثبت تصورات میں بدلنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 7

کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی یک طرفہ کاروائی اور انسانی حقوق کی پامالی کو روکنا اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے لیکن اقوام متحدہ اپنے ذمہ داریوں سے روگردانی کرتا آرہا ہے جس سے اس ادارے کی افادیت صفر ہو کر رہ گئی ہے ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بھارت کشمیر کی جغرافیائی حالت کو تبدیل کرنے کیلئے ہندو آبادکاری کے پروگرام پر عمل پیرا ہے جس سے دنیا امن کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں دنیا امن کو قائم کرنے اور دہشت گردی کے سدباب کیلئے عالمی اداروں کو معتصبانہ رویہ ترک کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 8

کہا کہ ملک میں جاری اپوزیشن کا ڈرامہ ڈیموکریٹک موومنٹ کے تحت جلسہ جلوس کے نام پر جو داویلا مچا رکھا ہے وہ گزشتہ انتخابات میں اپنی اپنی شکست خوردگی کی بھڑاس نکالنے کے سوا کچھ نہیں جمہوری عمل میں جلسے اور احتجاج اگرچہ کہ ہر گروہ کا جمہوری حق ہے لیکن کوئٹہ، کراچی، گجرانوالہ کے جلسوں میں اپوزیشن جماعتوں کے سربراہان نے ریاستی اداروں کے خلاف جس انداز میں زہر اگلا وہ یقیناً کسی بھی محب وطن پاکستانی کے لئے ناقابل برداشت ہے۔

شال بقیہ 9

حاجی بشیر احمد کاکڑ رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین نے شرکت کی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہر دور میں تمام جمہوری قوتوں کو ساتھ لے کر قومی سیاست میں اپنا حصہ ڈالا ہے ہم پر مذہب کارڈ استعمال کرنے کا الزام عائد کرنے والے ہر کارڈ استعمال کرتے ہیں ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ پاکستان اور اسلام لازم وملزوم ہیں اور عقیدہ ختم نبوت اسلام اور پاکستان کی اساس ہے اس پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں ہوسکتا آزادی مارچ کی طرح پی ڈی ایم کے جلسوں میں جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کی عظیم الشان شرکت قابل تحسین ہے اس پر کارکن اور ذمہ داران مبارک باد کے مستحق ہیں۔

شال بقیہ 10

ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں دہشت و وحشت پر مبنی ذہنیت کے خاتمے کیلئے قومی اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنے ہوگا۔ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے دیر کالونی مدرسہ پشاور دھماکے کے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

شال بقیہ 11

نادان سیاست دان جو زبان استعمال کر رہے ہیں اور جو ریاست مخالف بیانیہ، ان کے پلیٹ فارم سے دیا جارہا ہے، اس سے قومی مفاد کو نقصان پہنچ رہا ہے انہیں اس روش کو بدلنا ہوگا انہی جذبات اور خیالات کا اظہار میں نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت نے ناجائز طور پر، دھوکہ دہی سے کشمیر کی سرزمین پر قبضہ کیا اور وہ قبضہ آج تک جاری ہے، بھارت نے اپنے وعدوں اور سیکورٹی کونسل کی قراردادوں سے انحراف کیا جس سے کشمیریوں میں شدید اضطراب پیدا ہوا اور آج تک کشمیری، اس ناجائز قبضے کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔

شال بقیہ 12

کیلئے نیک پارلیمنٹ کی ضرورت ہے، چہرہ کی تبدیلی سے ممکن نہیں، 2 نومبر کو اسلام آباد میں مولانا سمیع الحق شہید کی خدمات کے حوالے کانفرنس منعقد ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے صوبائی قائم مقام امیر مولانا مفتی عبدالواحد بازئی، حاجی عبدالقیوم میرزئی، حاجی اختر شاہ مردانزئی، مولانا طاہر شاہ اخندزادہ، حافظ رحمت اللہ دمڑ، مولوی عبدالوہاب حقانی و دیگر نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اور اقتدار دونوں قوم کو مجرم ہیں اقتدار کیلئے دونوں ترس رہے ہیں عوام کا فکر کسی کو نہیں بلکہ اپوزیشن کے نعروں سے صاف صاف مستقبل میں ایک بار پھر پاکستان کی عوام پر عورت کی حکمرانی مسلط کرنے کی سازش ہو رہی ہے۔

شال بقیہ 13

ترسیل بحال کردی گئی۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کاشف صدیقی کے مطابق کوئٹہ کے علاقے کینٹ اور گرد ونواح میں گیس کمپنی کی جانب سے مرمتی کام مکمل کر کے مذکورہ علاقوں کو گیس کی فراہمی شروع کردی گئی۔

شال بقیہ 14

عمر انٹر پرائیزز، خالد بھٹی اور فقیر حسین نے نہ صرف پیپرا رولز کی خلاف ورزی کی بلکہ ذاتی مفادات کے حصول کے لئے قومی خزانے کو 40 کروڑ سے زائد کا نقصان پہنچایا۔ ملزمان کو احتساب عدالت کے جج منور شاہوانی کے روبرو پیش کیا گیا، نیب کی استدعا پر احتساب عدالت نے ملزمان کو 05 روزہ ریمانڈ پر نیب کے حوالے کردیا۔

شال بقیہ 15

نے مزید کہا کہ بہتر قانون سازی اور قوانین کے نفاذ سے ادارے مزید مظبوط اور مستحکم ہونگے۔ واضح رہے کہ صوبائی اسمبلی کے 26 اکتوبر کو ہونے والے اجلاس میں بلوچستان کیڈٹ کالجز کا مسودہ قانون مصدرہ 2020 پیش ہونے کے بعد منظور کر لیا گیا ہے۔ اسی طرح ایوان نے بلوچستان قبضہ اور منجمد اداروں (مدارس اور اسکولز) کا مسودہ قانون مصدرہ 2020، بلوچستان قبضہ اور منجمد اداروں (مساجد) کا مسودہ قانون مصدرہ 2020، بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2020 اور بلوچستان قبضہ اور منجمد سہولیات (ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں) کا مسودہ قانون مصدرہ 2020 بھی منظور کرلیا ہے۔

شال بقیہ 16

فرانس، ڈنمارک اور دیگر انتہاپسند ممالک روعمل کیلئے تیار ہیں مسلمانوں میں اشتعال پیدا کرکے انکے جذبات سے کھیلنا انتہائی خطرناک عمل ہے تاریخ گواہ ہے کہ عزت رسول ﷺ پر عشاقان رسول ﷺ نے اپنا تن من دھن سب قربان کردیا ہے انہوں نے کہا کہ مسلمان سب کچھ برداشت کرسکتا ہے مگر اپنے پیارے نبی ﷺ کی شان میں گستاخی ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔

شال بقیہ 17

سمیت 9 افراد کو شامل تفتیش کردیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو 8 سالہ کمسن بچہ محمد عمران شام 4 بجے مدرسے سے چھٹی کے بعد لاپتہ ہوگئے تھے جس کے بعد منگل کو پہاڑی علاقے سے بچے کی تشدد زدہ لاش برآمد کرلی گئی تھی پولیس کی جانب سے لاش کی پوسٹ مارٹم کیلئے کوئٹہ منتقل کیا گیا گزشتہ روز مستی پولیس قلات نے کارروائی کرتے ہوئے مدرسہ کے پیش امام سمیت 9 افراد کو شامل تفتیش کردیا۔ دوسری جانب ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے قلات بلوچستان میں 8 سالہ بچےکیساتھ زیادتی کے بعد قتل کیدلخراش دشرمناک واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جنسی درندگی کے واقعات میں اضافہ پرتشویش ہے۔

شال بقیہ 18

مطابق قدرتی گیس کی دولت سے مالا مال ضلع ڈیرہ بگٹی میں دوران زچگی خواتین میں شرح اموات تشویشناک حد تک بڑھ گئی ہے گزشتہ روز تحصیل سوئی اور ڈیرہ بگٹی میں مزید دو خواتین دوران حمل انتقال کرگئیں اسطرح صرف گزشتہ تین ماہ کے دوران جان بحق خواتین و بچوں کی تعداد بارہ تک پہنچ گئی ذرائع کے مطابق تحصیل سوئی میں جان بحق خاتون کا تعلق سندرانی بگٹی سے جبکہ تحصیل ڈیرہ بگٹی میں انتقال کرجانے والی خاتون مسمات (ن) زوجہ علی بگٹی کا تعلق راہیجہ قبیلے سے تھا جبکہ مرحومہ دو بچوں کی ماں تھی دوران زچگی وحمل خواتین کی ہلاکت اور ضلع بھر میں لیڈی ڈاکٹر و گائنا کالوجسٹ کی عدم موجودگی پر شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے منتخب نمائندگان کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت قرار دے دیا۔

شال بقیہ 19

مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم نے پہلے بھی ظلم ملک دشمنوں کو شکست دی ہے، اب بھی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ اپنے بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ ملک دشمن عناصر پاکستان کے حالات خراب کرنا چاہتے ہیں، ملک میں بدامنی پھیلانا چاہتے ہیں۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ قوم نے پہلے بھی ملکر ملک دشمنوں کو شکست دی ہے، اب بھی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بزدلانہ کارروائی کی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔ معصوم بچوں کو نشانہ بنایا گیا۔

شال بقیہ 20

والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں ہونے والے قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اپنے بیان میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے اپنے علیحدہ علیحدہ مذمتی بیانات میں دیر کالونی پشاور کے مدرسے میں ہونے والے دھماکے کو ملک دشمن عناصر کی ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔

شال بقیہ 21

کہا ہے کہ بچوں پر حملہ ملک دشمن عناصر کا بزدلانہ عمل ہے اور ملوث افراد کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں اعجاز شاہ نے کہا کہ مدرسے پر ہونے والا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں پر حملہ ملک دشمن عناصر کا بزدلانہ عمل ہے اور ملوث افراد کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا۔ وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے شہداء کیلئے خصوصی دعا کی اور لواحقین کے صبر جمیل عطا کی دعا کی۔ وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ زخمیوں کو مکمل طور پر سہولیات فراہم کی جائیں، ملک وقوم کی سلامتی و بقاء کو نقصان پہنچانے والے اپنے ناپاک عزائم میں ہرگز کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بچوں کی قربانی کے مقروض ہیں اور کسی صورت ایسے بزدلانہ عمل سے قوم کے حوصلے پست نہیں ہوتے دیں گے۔

شال بقیہ 22

دوران خدمات سرانجام دینے والے محکمہ صحت کے ملازمین کو کوویڈ رسک الاؤنس کی ادائیگی کے احکامات جاری کردیے ہیں اور محکمہ خزانہ نے اس ضمن میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے اپنے ایک بیان میں پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کوویڈ کے دوران خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کو ایک بنیادی تنخواہ کے مساوی رسک الاؤنس دیا جائے گا ہمیں کوویڈ کے دوران بے لوث خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کی سروسز پر فخر ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کوویڈ رسک الاؤنس اجراء کے نوٹیفکیشن کے بعد شیخ زید اسپتال کے ہڑتالی ملازمین کو بلا تاخیر غریب مریضوں کی خدمات پہلے سے بہتر جذبے سے شروع کردینی چاہئے۔

شال بقیہ 23

فی کلو فروخت کی جارہی ہے، مرچیں 200 روپے کلو، بنڈی 130 روپے کلو جبکہ انڈے 210 روپے فی کلو فروخت کی جارہی ہے، عوامی حلقوں نے حکومت اور پرائس کنٹرول کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مہنگائی کے جن کو قابو میں لانے کیلئے اقدامات اٹھائیں، مہنگائی کی وجہ سے غریب عوام اپنے گھر کے چولہے نہیں جلا پا رہے۔

شال بقیہ 24

کی معیشتیں سکڑ گئیں، جاپان اور جنوبی کوریا سمیت بڑی مغربی معیشتوں کی گروتھ منفی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس کی شدت بڑھنے سے بیشتر ممالک پھر لاک ڈاؤن کی طرف جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی صورتحال کی وجہ سے پاکستان کی برآمدات کی طلب میں کمی آئے گی، برآمد کنندگان عالمی مارکیٹس میں اپنا وجود برقرار رکھنے کے لیے کوششیں تیز کریں۔

شال بقیہ 25

ناصر، مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر حاجی پیر جان ناصر، انجمن تاجران رحیم آغا گروپ کے صدر ملک حبیب الرحمان ترین، مرکزی انجمن تاجران صدر ملک شاہ محمد ناصر، پشتونخوا میپ کے علاقائی ڈپٹی سیکرٹری کامریڈ اسماعیل خان کاکڑ، زمیندار ایکشن کمیٹی کے حاجی فاضل خان ترین احمد خان ناصر، پی ٹی آئی کے ضلعی سینئر نائب صدر ملک امیر محمد ترین نے شرکت کی اس موقع پر اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ژھل چوٹیالی حبیب احمد بنگلزئی بھی موجود تھے اجلاس میں بجلی کی دورانیہ بڑھانے اور لوڈ شیڈنگ میں کمی لانے کے حوالے سے سب نے اپنے اپنے تجاویزات پیش کئے جسکے بعد سب نے متفقہ طور پر چند تجاویزات منظور کئے۔

شال بقیہ 26

کہ لاپتہ افراد یا بلوچستان کا مسئلہ بلوچی لباس پہننے سے حل نہیں ہوگا، مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی دونوں کے ادوار میں بلوچستان سے مسخ شدہ لاشیں ملتی رہیں، اس وقت مریم نواز اور بلاول بھٹو زرداری کہاں تھے۔

شال بقیہ 27

پاکستان کا بیانیہ اکل، جس کی محافظ پاکستانی عوام ہے، بھارتی ظلم وجبر نے تاریخ کے سیاہ ترین ادوار کے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔

شال بقیہ 28

کھیل امور نوجوانان کی جانب سے 27 اکتوبر دوہزار بیس یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر منعقدہ آل بلوچستان تقریری پینٹنگ مقابلے کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا قبل ازیں صوبائی مشیر کی سربراہی میں محکمہ کھیل کی جانب سے یوم سیاہ کشمیر کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی میں بھی شرکت کی اس موقع پر سیکرٹری کھیل میر عمران گچکی بھی موجود تھے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر کا کہنا تھا کہ بھارتی جارحیت اور قبضہ کشمیری عوام کے جذبہ آزادی اور خودارادیت کو متزلزل نہیں کرسکتا۔

شال بقیہ 29

کی شدید قلت کا سامنا ہے اقوام متحدہ اور عالمی دنیا اس صورتحال کا سختی سے نوٹس لے ان کا کہنا تھا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ھے پاکستان اور کشمیر ایک دوسرے کے لیئے لازم وملزوم ھے۔

شال بقیہ 30

چیئرمین تندور ایسوسی ایشن محمد نعیم گلگی، صدر رضا کے اتحاد سے بغاوت کا اعلان کیا ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر انتظامیہ 320 گرام کی روٹی کیلئے قیمت 30 روپے مقرر کرے جب تک انتظامیہ پرائس کنٹرول کمیٹی ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کرتی شہر بھر میں تندور بند رہیں گے۔

شال بقیہ 31

گروہ کے ایک ٹریننگ کیمپ کو نشانہ بنایا، جہاں دیگر ٹوٹے جنگجوؤں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے۔ جس ٹریننگ کیمپ کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

شال بقیہ 32

تحفظ ناموس رسالت ریلی کا اعلان اور دیر کالونی جامعہ زبیریہ بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور شہادتوں پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ مدرسہ کے پر حملہ بدترین دہشت گردی اور سفاکیت کی انتہاء ہے اسلام دشمن قوتیں سوچی سمجھے منصوبے کے تحت ملک کو طلباء اور علماء کا مقتل گاہ بنا دیا گیا ہے حکومت دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو فوراً گرفتار کر کے نشان عبرت بنائے۔

شال بقیہ 33

کے لواحقین سے دلی اظہار تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہیں۔

شال بقیہ 34

گردی اور فساد کی آگ بھڑکا رہے ہیں عالمی ادارے نوٹس لیں، تمام مسلم ممالک فرانس سے سفیر واپس بلائیں اور فرانسیسی سفیروں کو ملک سے نکال کر سفارتی تعلقات منقطع کریں، ایک آدھ ملک کی جانب سے مصنوعات کے بائیکاٹ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، توہین رسالت ﷺ کے سدباب کیلئے امت مسلمہ جذبہ ختار کو شعار بنائے، امن کے نام نہاد ٹھیکیداروں اور مسلم رہنماؤں سے مایوس اہل کشمیر و فلسطین سمیت دنیا کا ہر مظلوم مہدی موعود کا منتظر ہے۔

شال بقیہ 35

چلا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ لورالائی کو الگ ڈویژن بنانے کی حتمی منظوری وزیر اعلی جلد دے دینگے انہوں نے کہا کہ نئے ڈویژن کے قیام سے لورالائی کا اپنا کمشنر ہوگا اور ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے جسکے مستقبل قریب میں نتائج آنا شروع ہونگے انہوں نے کہا کہ عوام اپوزیشن کے پروپیگنڈوں پر کان نہ دھریں انکی تمام باتیں بے بنیاد ہیں انہوں نے کہا کہ جس بھی قومی خزانہ لوٹا ہے وہ نیب سے بارگین کر کے لوٹی ہوئی رقم سرکاری خزانے کو واپس کردیں یا پھر مقدمات کا سامنا کریں انہوں نے کہا کہ قانون کی نظر میں سب ایک ہیں چوری حکومت میں بیٹھے ہوئے کریں یا اپوزیشن والے کریں سب کو احتساب کے کٹہرے میں کھڑا ہونا پڑیگا انہوں نے کہا کہ اپوزیشن صوبائی و مرکزی حکومت کے حوالے سے تمام حقائق کو مسخ کر کے اس طرح کے باتوں سے حکومت کو بدنام اور ہماری کارکردگی کو زیرو کرنے کی سازش کی جارہی ہے لیکن ہماری کارکردگی کو عوام دیکھ رہی ہے اور وہ حکومت کی ڈھائی سال کی مثالی کارکردگی سے مطمئن اور خوش ہیں انہوں نے کہا لورالائی کم میختر کے حلقے میں تعلیم صحت صاف پانی زراعت کے منصوبوں پر کروڑوں روپے خرچ کیئے جا رہے ہیں سرکاری آفیسران منصوبوں کی رفتار کو تیز کریں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کرونگا انہوں نے کہا کہ لورالائی شہر میں صاف پینے کے پانی کی فراہمی سے عوام کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے اسطرح دیگر مسائل بھی حل ہوجائینگے عوام صبر کریں پانچ سال مدت میں تمام وعدے پورے کرونگا انہوں نے کہا کہ ملک کورونا سے آہستہ آہستہ نکل رہا ہے ہماری وفاق وصوبائی حکومتوں کی بہتر پالیسی کے نتیجے میں ہم نے کورونا کو مات دی۔

شال بقیہ 36

فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں اور موجودہ نرخوں پر وزیراعظم پاکستان کو بریفنگ دی جائے گی۔ انہوں نے ڈویژنل کمشنرز کو ہدایات میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ وہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات اٹھائیں گے اور خود ساختہ افراط زر کو برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں سے زیادہ قیمتوں پر فروخت کرنے والوں کے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے کیونکہ لوگوں کو منافع بخشوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ انہوں نے تمام ڈویژنل کمشنرز کو ہدایت کی کہ تمام دکانداروں کو پابند کیا جائے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ پرائس لسٹ اپنے دکانوں پر آویزاں کریں۔ تاکہ سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیاء فروخت کو ممکن بنایا جائے۔

شال بقیہ 37

کے مختلف آفیسران سعید محمد کاکڑ، فاروق احمد خان، صفدر حسین، سید محمد آغا، مولوی سید کفایت اللہ، محمد الطاف، فیزان مناف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سوئی سدرن گیس کمپنی کے محمد انور بلوچ، شہباز اسلام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی کی جانب سے سردیوں کے آغاز میں عوام میں سوئی گیس کے نقصانات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی مہم چلائی جاتی ہے جس میں میڈیا علماء اکرام سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے ذریعے لوگوں میں شعور اجاگر کرنے کیلئے پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں جب کہ ماضی میں سردیوں کے موسم میں گیس کے باعث لوگوں کی بہت زیادہ اموات ہوتی تھیں حفاظتی تدابیر کے حوالے سے منعقدہ پروگراموں کے بعد ان اموات میں نمائے کی واقعہ ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ کمپنی عوام کو بلاتعطل گیس کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے جن کے ذریعے کوئٹہ کے مختلف علاقوں سریکی روڈ، کنرانی روڈ، نواں کلی، زرغون، سرغزئی سمیت دیگر علاقوں میں پرانی بوسیدہ 8 انچ 12 انچ 16 انچ 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائنیں بچھائی گئی ہیں کچھ بچھائی جارہی ہیں اور کچھ منصوبوں کے ٹینڈر ہو رہے ہیں ان کے مکمل ہونے سے گیس پریشر کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہوجائے گا انہوں نے کہا ہے مختلف علاقوں میں گیس چوری کرنے والوں کے خلاف کاروائی کر کے ان غیر قانونی گیس چوری کنکشن کا قلع قمع کردیا ہے اور مختلف لوگوں کے خلاف مقدمات بھی درج کئے گئے اور ان کاروائیوں میں استعمال ہونے والا سامان اور کمپریسر قبضے میں لے لیا ہے انہوں نے کہا کہ علماء اکرام، میڈیا سمیت ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو گیس چوری کو روکنے اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اس موقع پر سید حبیب اللہ چشتی، سید محمد آغا، مولوی سید کفایت اللہ سمیت دیگر نے گیس چوری کرنے اور گیس پریشر میں کمی سمیت دیگر حوالوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام گیس کے استعمال کو احتیاط سے یقینی بنائیں تاکہ حفاظتی تدابیر اپنائی جاسکے علما اکرام کا کہنا تھا کہ ہمیں گیس چوری جیسے فعل سے اجتناب کرنا چاہیے اور معیاری ہیٹر چولہے استعمال کرنے چاہیے تاکہ حادثات کا تدارک ممکن ہوسکے۔

شال بقیہ 38

گروپ کی سینئر پارٹنر مس ایکولی سمیت چینی سرمایہ کاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، قونصل جنرل حسین حیدر نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں تجارت سے متعلق بہت لبرل نظام موجود ہے جس میں تمام اشیاء کی درآمد اور برآمد کی اجازت ہے، بڑی مارکیٹ، ہنر مند افرادی قوت اور اہم جغرافیہ کے باعث اہم خطہ ہے، دنیا کا چھٹا بڑا ملک ہونے کے ناطے یہ ایک بڑی مارکیٹ ہے، یہاں لگ بھگ 7 کروڑ افرادی قوت دستیاب ہے، پاکستان دنیا کے تین بڑے خطوں کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے سرمایہ کاری کیلئے بہترین سرزمین ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے اس موقع پر شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے پاکستان اور چین کے درمیان تجارت کی اہمیت کو اجاگر کیا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ صوبے میں کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے ساتھ ساتھ اس راہ میں حائل رکاوٹوں کو بھی دور کررہا ہے، انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ اور سی پیک کی وجہ سے بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں ترین خطہ ہے، زراعت، توانائی، ماہی گیری، سیاحت، معدنیات اور دیگر شعبوں میں موجود مواقع انکی اہمیت میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔

شال بقیہ 39

قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک دشمنوں کے عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے، دیر کالونی پشاور میں مدرسے کو نشانہ بنانے والے مسلمان نہیں ہوسکتے تعلیم حاصل کرتے بچوں اور تدریس کرتے اساتذہ کی شہادت نے سانحہ اے پی ایس کے دکھ تازہ کر دیئے ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے، واقعہ پر بے حد رنجیدہ اور غمگین ہوں، دیر کالونی پشاور میں مدرسے کو نشانہ بنانے والے مسلمان نہیں ہوسکتے تعلیم حاصل کرتے بچوں اور تدریس کرتے اساتذہ کی شہادت نے سانحہ اے پی ایس کے دکھ تازہ کر دیئے ہیں، دہشت گرد و پاکستان دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں لیکن پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک دشمنوں کے ان عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیگی۔ یہ عناصر انسان کہلانے کے لائق نہیں، ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔

شال بقیہ 40

دیگر کا کہنا تھا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں نہتے کشمیریوں پر عرصہ حیات تنگ کردیا ہے آئے روز مظلوم کشمیریوں کو شہید اور لہولہان کیا جارہا ہے بھارتی مظالم اور بربریت روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔

شال بقیہ 41

میڈیا اور سوشل لنکس پر مشتہر کرنا بے حد ضروری ہے کیونکہ عوام کو حکومت کے اقدامات اور ضلعی آفسران کے بارے میں آگاہ ہو اور اپنے مسائل کے حل کرانے میں مدد مل سکیں۔

شال بقیہ 42

راستوں سے ہوتے ہوئے بنک چوک ڈسٹرکٹ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئی مظاہرین نے مرباد اور خاکوں کے خلاف شدید نعرہ بازی کی ہے اس موقع پر یوتھ کے صدر مصری خان مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ فرانس کی حکومت نے ایک بار پھر سرورکائنات کے گستاخانہ خاکے سرعام جاری کرکے نہ صرف مسلمانوں کے کے جذبات کو مجروح کیا ہے بلکہ آزادی اظہار کے نام پر انتہائی بے شرمی کا مظاہرہ کیا ہے۔

شال بقیہ 43

دفتر سے پیسے لینے گئی تو پتہ چلا کہ ان کے اکاؤنٹ سے مبلغ 20305/- روپے دھوکہ دہی سے نکال لئے گئے ہیں رجوع کرنے پر متعلقہ محکمہ نے بھی خاطر خواہ کارروائی نہ کی مجبور ہوکر وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا جس پر بروقت کارروائی عمل میں لائی گئی جس پر درخواست گزار کو نہ صرف فوری نکالی گئی رقم واپس دلوائی گئی بلکہ واقعے میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا بھی حکم دیا گیا وفاقی محتسب کے بروقت اور فوری اقدام عوامی صحافتی حلقوں نے سراہا ہے اور مفت اور تیز انصاف کو وفاقی محتسب کا طرہ امتیاز قرار دیا ہے۔

شال بقیہ 44

وفاقی حکومت کے فنڈز سے پیچ تھری کے تحت 24 ڈیمز پر کام جاری ہے ان ڈیمز پر 60 سے 65 فیصد کام مکمل کرلیا گیا ہے ان میں سے کچھ ڈیم دسمبر 2020 اور بقیہ انشاء اللہ جون 2021 تک مکمل کرلئے جائیں گے۔

شال بقیہ 45

۔جن پر بھارتی حکومت کیخلاف اور کشمیری مسلمانوں کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی ڈی سی آفس سے نکل کر شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی کشمیر بنے گا پاکستان بٹ کے رہے گا۔

شال بقیہ 46

کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے ریلی سے مزار خان رند، نعیم رند صفدر خان رند جمعہ خان بگٹی، معشوق علی رند سمیت و دیگر افراد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف بھارت کشمیریوں پر ظلم ستم کے پہاڑ گرا رہا ہے وہی اقوام متحدہ سمیت مسلمان ممالک کی اس پر خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے لیکن پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں پر بھارت کی جانب سے کی جانے والی ظلم کے خلاف آواز اٹھاتی رہی گئے۔

شال بقیہ 47

علی نے گھریلو ناچاکی کی بنا پر فائرنگ کر کے اپنی بہن ص کو قتل کردیا اور ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس نے مزید کارروائی شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 48

فرانس میں گستانہ خاکوں نے مسلمانوں کے جزبات مجروح کئے ہیں اقوام متحدہ اسکی روکنے کیلئے قانون سازی کریں کیونکہ فرانسیسی صدر نے توہین آمیز حرکت کی ہے جس کی ہم مزمت کرتے ہیں اور اس کے خلاف حکومت پاکستان و دیگر اسلامی ملک عالمی عدالت میں مقدمہ قائم کریں فرانس کی اس عمل سے اسلامی دنیا بین المزاہب رواداری امن کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہیں گستاخانہ اشاعت پر فرانس کی اشیاء سے جن اسلامی ممالک نے بھائی کاٹ کی ہے وہ دیگر اسلامی ممالک بھی فرانس سے تعلق ختم کریں۔

شال بقیہ 49

نے کہا کہ فرانس میں توہین آمیز خاکوں کی اشاعت سے پوری دنیا میں ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں حکومت فوری طور پر فرانس سے سفارتی تعلقات منقطع کر کے فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرے انہوں نے کہا کہ فرانس کے دارالخلافہ پیرس کے نواحی علاقے میں پیغمبر اسلام کے گستاخانہ خاکے رکھا جانا نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ پوری امت مسلمہ کے لئے ناقابل برداشت ہے۔

شال بقیہ 50

انہوں نے فرانسی صدر کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فرانس میں گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے امت مسلمہ کے جزبات کو مجروح کیا گیا ہے جس کی جتنی بھی مزمت کی جائے کم ہے انہوں تمام مسلمانوں سے فرانسی مصنوعات کے بائیکاٹ کا مطالبہ کردیا تقریب کے آخر میں مشتعل مظاہرین نے فرانسی صدر کے پتلے کو بھی نظر آتش کردیا۔

شال بقیہ 51

بجلی کے آنکھ مچولی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کی عذاب بن چکی ہے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کی سے گھریلو زندگی کے ساتھ کاروباری زندگی ٹھپ کررہ گئی بجلی کی رہی سہی کسر گیس پریشر کی نے پوری کر کے عوام کی بدحال کردیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کارگردگی انتہائی غیر زمہ دارانہ رہی۔ پوچھنے تک کوئی نہیں قلات شہر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور آنکھ مچولی معمول بن چکا ہے گیس بلوچستان سے نکلنے والی گیس سے محروم کردیا بجلی اور گیس کے مصنوعی بحران سے مسائل پیدا کر کے لوگوں کو پریشان کر رکھا ہے قلات شہر کے اکثر علاقوں میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے لکڑیاں اور سلنڈر جلانے پر مجبور ہوگئے۔

شال بقیہ 52

مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے قاری عبید اللہ درانی، تیمور خان، نور اللہ، ظریف پشتون، قیوم کاکڑ، یار محمد اور دیگر نے کہا کہ پیارے نبی حضرت محمد ﷺ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی گستاخانہ خاکے بنانے والے خاک میں مل جائیں گے لیکن میرے نبی ﷺ کا ذکر ہمیشہ بلند رہے گا۔

شال بقیہ 53

ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن (ر) عارف احمد سے فوری نوٹس لیکر میونسپل کمیٹی اوتھل کو کتا مار مہم شروع کرنے کی ہدایات جاری کریں۔

شال بقیہ 54

کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہو جائے گا انہوں نے کہا ہے مختلف علاقوں میں گیس چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائی کر کے ان غیر قانونی گیس چوری کنکشن کا قلع قمع کردیا ہے اور مختلف لوگوں کے خلاف مقدمات بھی درج کئے گئے۔

شال بقیہ 55

جلسے میں آزاد بلوچستان کے نعرے لگائے گئے وہ نعرے پاکستان کو تقسیم کرنے کی سازش ہے جسکی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے کوئٹہ جلسے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کیلئے جو نازیبا الفاظ استعمال کئے وہ قابل مذمت ہے مریم نواز خود تو نانی بن چکی ہے لیکن انکی حرکتیں بچوں والی ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان انکے والد کے دور حکومت میں ایک ذمہ دار وزیر رہ چکے ہیں وہ کس طرح جام کمال خان کیخلاف نازیبا الفاظ کررہی ہیں، جب مریم نواز کا والد جام کمال خان کو بین الاقوامی دوروں پر لے جاتا تھا تب جام کمال بچہ نہیں تھا لیکن آج مریم نواز انہیں بچہ کہہ رہی ہیں جو انتہائی افسوس ناک بات ہے، مریم نواز کے ان الفاظوں سے بلوچستان کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے جسکی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، مریم نواز اور نواز شریف کی جانب سے حکومتی اداروں کے خلاف انتہائی نازیبا الفاظ استعمال کئے جارہے ہیں جو پاکستان کے عوام کو کسی صورت قبول نہیں انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں انشاء اللہ اپنی پانچ سالہ مدت پوری کریں گی اور آنے والے وقت میں میاں برادران کا اس ملک کی سیاست میں کوئی حصہ نہیں ہوگا کیونکہ پاکستان کے لوگ اس بات کو قطعاً برداشت نہیں کریں گے کہ پاکستان اور پاک فوج کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے والے اس ملک کے حکمران بنیں نواز شریف اور اسکی بیٹی مریم نواز بھارت کی حمایت میں پاکستان مخالف بیانیے کو لیکر ملک میں افراتفری کی سیاست کررہے ہیں جس سے ہر پاکستانی کو انکے اس عمل سے شدید صدمہ پہنچا ہے۔

شال بقیہ 56

محمد عیسیٰ شاہوک نے کہا کہ منافع خوری کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا دکاندار نرخ نامے دکانوں کے سامنے آویزاں کریں۔

شال بقیہ 57

اس کا شکار جبکہ ہر دو سیکنڈ میں ایک شخص فالج کا شکار ہو رہا ہے کوئٹہ میں 60 سے 70 آنے والے مریضوں میں 10 ایسے مریض ہوتے ہیں جن کو فالج کا مرض حملہ کرچکا ہوتا ہے اس لئے عوام میں شعور اجاگر کرنے کیلئے 29 اکتوبر کو دنیا بھر کی طرح کوئٹہ میں بھی عالمی دن منایا جارہا ہے جس کے دوران مختلف فری کیمپ لے علاوہ مختلف پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 58

ڈپٹی کمشنر ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ چونکہ ملک میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں روز بروز تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ھے، جو کہ یہاں کے غریب عوام کے لئے پریشانی کا باعث ھے، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی بلوچستان اور چیف سیکریٹری کی ہدایت کے مطابق اشیاء خوردونوش کی قیمتیں مناسب رکھنے کی کوشش کی جائے، اور مقررہ نرخ پر فروخت کو یقینی بنائیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے عوام کی سہولت کیلئے فیصلہ کیا خضدار میں سستا بازار کا انعقاد کیا جائے گا۔

شال بقیہ 59

کر رہا ہے اس کو اس کا خمیازہ ضرور بھگتنا پڑے گا اور اب وہ دن دور نہیں کہ کشمیریوں کو آزادی نصیب ہوگی ہندوستان ایک ایجنڈے کے تحت کشمیر میں بیگناہ اور نہتے مسلمانوں پر ظلم برپا کیے ہوئے ہیں کشمیری عورتوں بچوں اور نوجوانوں کا قتل عام جاری ہے اقوام متحدہ کو چاہئے کہ کشمیر میں بھارتی مظالم کو بند کروانے میں بھرپور کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نہتے کشمیریوں اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے آج تجدید عہد کرتے ہیں کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کا ہر پلیٹ فارم پر بھرپور ساتھ دینگے کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کشمیر کی آزادی تک پاکستان اور پاکستانی عوام اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کی امداد جاری رکھے گا کیونکہ کشمیری اور پاکستانیوں کے دل ایک ساتھ ہی دھڑکتے ہیں۔

شال بقیہ 60

راستوں میں فول پروف سکیورٹی اور صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 61

ریلیاں مختلف روڈ سے ہوتی ہوئی اپنی مقامات پر پہنچی تفصیلات کے مطابق نصیرآباد میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جلیل احمد کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی جس میں اسسٹنٹ کمشنر حدیبیہ جمالی تحصیلدار بہادر خان کھوسہ سرکاری محکموں کے آفیسران سول سوسائٹی شہریوں اور طلباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

شال بقیہ 62

گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے محترمہ نے مذید بیان کرتے ہوئے کہا کہ دشمن عناصر دینی درسگاہوں کو نشانہ بنا کر کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں اسلام زندہ پائندہ دین ہے اور تا قیامت تک زندہ رہے گا، اللہ شہدا کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائیں اور زخمیوں کو شفاء کاملہ وعاجلہ نصیب کرے۔ آمین۔

شال بقیہ 63

مدارس خانقاہوں تبلیغی مراکز اور مسلمانوں پر ظلم اور حملے کرنا چاہتے ہے ہم حکومت سے مطالبہ کرتا ہو پشاور مدرسے پر بم حملہ کرنے والے جلد سے جلد گرفتار کرے جائے اور سرعام فانسی دیا تاکے آئندہ دینی جلگے اور معصوم طلباء محفوظ ہوگی جمیعت طلبا اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کنونیر نے کہا کہ پشاور میں مدارس پر حملے ہوتے ہیں معصوم طلباء کو شہید کر رہے ہیں اور وہ مدارس میں اللہ تعالی کا کلام اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ رہا ہی اور ظالموں نے ان کو شہید کررہا ہیں میں دعا کرتا ہوں کہ شہیدوں کے گھر والوں صبر جمیل عطا فرمائیں۔

شال بقیہ 64

شرکت کی ریلی اسسٹنٹ آفس سے اللہ والی چوک تک نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں کشمیر کے حق میں بینرز اور جھنڈے اٹھایے ہوئے تھے اس دوران فضا کشمیر کے نعروں سے گونج اٹھا۔

شال بقیہ 65

پر دوران چیکنگ کراچی کے علاقے ناظم آباد سے چوری کی گئی مہران کار برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

شال بقیہ 66

ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ مہم کی کامیابی کیلئے پولیو کے قطرے پلانے والے ٹیموں سے بھرپور تعاون کرے، انسداد پولیو مہم کے دوران غفلت، لاپرواہی کرنے والے عملے کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لیا جائے گا، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔

شال بقیہ 67

سامنے احتجاج منگل کے روز لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر حب کے طلباء نے سینٹر میں سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے سے اظہار خیال کرتے ہوئے طلباء عزیر بلوچ، رضوان، عاشق و دیگر نے کہا کہ پاک جرمن ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر میں سہولیات کا فقدان ہے سینٹر میں کافی وقت سے بجلی ہے نا پینے کا پانی ہے۔

شال بقیہ 68

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور کی صدارت میں تقریب منعقد کی گئی جس میں اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی عقیل کریم بلوچ سوشل ویلفیئر کے ضلعی افسر حفیظ اللہ کھوسہ واٹر منیجمنٹ کے ضلعی افسر غلام سرور مگسی انسپکٹر پولیس ذوالفقار علی جمالی پاپولیشن آفیسر ممتاز مگسی تحصیلدار گنداواہ ہادی بخش پھوڑ لیویز تھانہ گنداواہ کے انچارج رسلدار عبدالحکیم ابڑو میونسپل کمیٹی گنداواہ کے اسسٹنٹ ذوالفقار علی لاشاری بابو محمد عمر ابڑو سمیت دیگر افسران اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی تقریب سے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نہتے کشمیری عوام پر ظلم وستم ڈھا رہا ہے کشمیری اور عالمی میڈیا پر کشمیر میں ہونے والے مظالم دکھانے پر پابندی لگائی ہوئی ہے جس کی انہوں نے شدید الفاظ میں مزمت کی۔

شال بقیہ 69

ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر مختلف نعرے درج تھے۔ مظاہرین کا بھارتی حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی، مودی سرکار کشمیر کی سابقہ حیثیت کو بحال کریں، اور ایک سال سے جاری کرفیو کو ہٹایا جائے اور کشمیری مسلمانوں کو حق خود ارادیت دی جائے مظاہرین کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع سبی میں بھی کشمیر بلیک ڈے منایا گیا ہے کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کی قیادت میں ریلی نکالی گئی ہے۔

شال بقیہ 70

رجسٹرار آفتاب اسلم ایڈمن عطاء عمرانی این پی عوامی کے ضلعی صدر نثار احمد بلوچ مرکزی لیبر سکریٹری نور احمد بلوچ اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایجوکیشن ایک ایسا ہتھیار ہے جو نہ چھینا جاسکتا ہے اور نہ ہی ضائع ہوجاتا ہے خوش قسمت قومیں تعلیم پر فوکس کرتی ہیں آج اگر ہم ترقی یافتہ ممالک پر نظر دوڑائیں گے تو ان کی ترقی اور کردار سازی میں تعلیم کا عنصر نمایاں ہے۔

شال بقیہ 71

حافظ عبدالاحد کبدانی سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مولانا محمد طاہر بنوری پنجاب مولانا قاری اکمل صوبائی مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مولانا نجی داد خوستی مولانا عبدالستار کاکڑ مولانا قاری مہراللہ مولانا عبدالروف مفتی شفیع الدین حاجی عبیداللہ حقانی مولانا محمد حیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا محمد حیات سالار عبدالولی مفتی فداء الرحمن مجاہد عبداللطیف مولوی رحمت اللہ حقانی ودیگر نے جمیعت آئی نظریاتی تحصیل قلعہ سیف اللہ کے صدر عصمت اللہ گوہر کے بھائی کی ملابر رحمت کیوفات پر تعزیت کرتے ہوئے کہ اللہ تعالی مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 72

بھارت نے کشمیر کی سرزمین پر ناجائز قبضہ کیا انسانی حقوق کے علمبردار 27 اکتوبر کے دن کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں انسانی تاریخ کے سیاہ ترین دن کے موقع پر کشمیری عوام انڈیا کے ظلم وجبر اور بھارتی فوج کی غنڈہ گردی سمیت انسانی حقوق کی پامالی سے نجات چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 73

ہمیں اداروں پر بھروسہ ہے سارے معاملہ کی درست تحقیقات ہوں گی، پی ڈی ایم احتجاج جاری رہے گا اور ملک کو اس گھٹیا سوچ رکھنے والوں سے نجات دلائیں گے، سندھ اور بلوچستان کے جزیرے وفاق کو ہضم نہیں کرنے دیں گے، اگر بلاول جلسے میں نہ پہنچ سکے تو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار سابق وزرائے اعظم شاہد خاقان عباسی، راجہ پرویز اشرف، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، جے یو آئی (ف) کے رہنما مولانا محمد اکرم درانی اور سابق وزیر داخلہ احسن اقبال نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی ہدایت پر پی ڈی ایم کا اجلاس ہوا، آئی جی سندھ کے ساتھ کیا ہوا، وقت بتائے گا، پرچہ کا درج ہونا، ہوٹل کا دروازہ توڑنا سب کے سامنے ہے، حقیقت یہ کہ یہ وفاق اور صوبے کے درمیان ٹکراو اور آئین توڑنے کی بات ہے، انتشار پیدا کرنے کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس کے افسران نے جو اصولی موقف اپنایا ان کی حمایت کرتے ہیں، پی ڈی ایم احتجاج جاری رہے گا، انہوں نے کہا کہ آئین کی بالادستی ہوتی تو وزیراعظم خود وزیراعلی سے پوچھتا، رینجرز اور انٹیلی جنس وزیراعظم کو رپورٹ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو نے آرمی چیف اور آئی ایس آئی چیف کو فون کیا، ہمیں دیکھنا ہوگا کہ آئین کیا کہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے فوج کو اس میں ملوث کردیا، آرمی چیف مصالحت کی کوشش کررہے ہیں، پھر فوج کو ملک کی سیاست میں ملوث کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے وزیراعظم کے سر پر صرف انتقام چھایا ہوا ہے، پی ڈی ایم کی برف سے سارے واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے ملک کو اس گھٹیا سوچ رکھنے والوں سے نجات دلائیں گے۔ نائب صدر پی ڈی ایم راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ ایسا واقعہ ہوا اور اسکے باوجود وزیر اعظم یا وفاقی حکومت کی طرف سے ذمہ دارانہ بیان نہیں آیا، جس طرح کیپٹن صفدر کو گرفتار کیا گیا عوام نے اس واقعہ کی مذمت کی، سندھ میں جہاں پوری قیادت موجود تھی وہاں یہ واقعہ ہونا معولی بات نہیں تھی، لگتا ہے وفاقی حکومت سوچ سمجھ سے یہ کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو نے حالات کو دانشمندی سے کنٹرول کیا، آرمی چیف نے احسن طریقہ سے معاملہ کی انکوائری کا کہا ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ہوا کیوں؟ یہ ذمہ داری وزیر اعظم کی تھی، وزیراعظم اس پورے معاملہ میں غائب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہ سمجھا جائے کہ وزیراعظم جان بوجھ کر سندھ میں یہ حالات پیدا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم جلسے میں اتنی بڑی تعداد کو دیکھ کر بوکھلا اٹھے ہیں، وہ سارا دن ہمارے اداروں کو سیاست میں ملوث کرتے ہیں، وزیراعظم کے رویہ سے محسوس ہوتا ہے وہ غیر یقینی میں مبتلا ہیں۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ وزیراعظم صاحب ہم بھی وزیراعظم رہے ہیں آپکو ایک مدبر سیاستدان کی طرح ہونا چاہیے، آپ جو پیش کررہے ہیں اسے سے لوگوں میں منفی رجحان پیدا ہوتا ہے، سڑکوں پر مائیں بیٹیاں بیٹھی ہیں آپکے کان پر جوں بھی نہیں رینگ رہی، پاکستان کے عوام تنگ آکر سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ اکرم خان درانی نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ملک میں سنگین بحران ہے، ملکی تاریخ میں ایسا نہیں ہوا جیسا موجودہ حکومت کے دور میں ہوا، ہم نے انتخابات کے فوری بعد بتادیا تھا کہ یہ جعلی اور سلیکٹڈ حکمران ہیں۔ اکرم درانی نے کہا کہ سب سے بڑا وار تو موجودہ حکومت نے صحافیوں پر کیا ہے، کراچی واقعہ انتہائی شرمناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزراء کراچی معاملہ کو سپورٹ کررہے ہیں، آیا ان کے گھر پر ایسے ہو تو وہ سپورٹ کریں گے۔ اکرم درانی نے کہا کہ صوبہ کے آئی جی پر اعتماد کرنے کی بجائے ایجنسیوں کے ذریعہ اس پر دباؤ ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف مذمت نہیں کرتے ساتھ سندھ حکومت کے ساتھ اظہار یکجہتی بھی کرتے ہیں، چاروں صوبوں میں یہی حال ہے، صوبوں پر براہ راست وفاق اثر انداز ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اطلاعات کا ذمہ دار اشتہاروں پر کمیشن مانگتا ہے، پشاور بی آر ٹی کی بسیں جل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کراچی واقعہ پر کوئٹہ جلسے میں بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں صحافی اس حکومت کو سپورٹ نہ کریں، وزراء فوج کو بدنام کررہے ہیں، کبھی بوٹ لاکر ٹاک شو میں رکھ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اداروں کو ایسے کاموں میں ملوث نہ کریں کے اس کا تقدس متاثر ہو۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ وزیراعظم بہت کچھ کررہا، وہ اپوزیشن کو دھمکیاں دے رہا، وزیراعظم نے براہ راست جیل حکام کو شہباز شریف سے چارپائی چھیننے کا کہا۔ انہوں نے کہا کہ ایک آرڈیننس کے ذریعہ سندھ کے جزیروں پر غاصبانہ حکم دیا۔

NOTICE INVITING TENDER

TENDER FOR REPAIR/MAINTENANCE AND PROVISION OF SPARE PARTS OF VEHICLES.

The Government of Balochistan through S&GAD invites sealed bids from eligible bidders as per B-PPRA Rules, 2014 for Repair/Maintenance and provision of spare Parts of following vehicles of S&GAD Government of Balochistan. **TS178357E.**

S.#	Item Name	Item Details/Specifications
1	GBA-025 (Fortuner)	04-Nos Tyres Replacement · Wheels Cup Replacement · Front & Rear Shocks Replacement · Front & Rear Brake Leather Replacement · Denting and Painting · 01-No. Brake Light Replacement · Front & Rear Suspension Repair

ELIGIBILITY: Only Manufacturers, Suppliers, Authorized dealers and well reputed firms (active taxpayers) having registration with Federal Board of Revenue (NTN), Balochistan Revenue Authority- BRA, Sales Tax, Income Tax etc are eligible to participate (Necessary docs be enclosed). (ii). The bidder(s) should be eligible to supply goods/services to Government Departments and must have completed at-least 03 similar past assignments (Necessary docs be enclosed). (iii). Bank turnover for the last 03 years / Financial Capacity of PKR 03 Million (Necessary docs be enclosed). (iv). Firm may provide an affidavit duly attested by first class magistrate declaring the firm as "not-black listed" anywhere in Pakistan. **METHOD OF PROCUREMENT.** Single-stage-Two envelop Bidding Procedure as per Rule 41-(3) of the BPPRA shall be followed for this open competitive bidding. The bids would be evaluated under rule 34 of the B-PPRA Rules, 2014. Details can be found in the bidding documents. The Tender Notice & Bidding Documents can also be downloaded from http://bppra.gob.pk. **BID SECURITY.** The bids must accompany Bid Security @ 2% of quoted amount in the form of Call Deposit or Bank Guarantee from a scheduled bank in favor of Transport Officer, S&GAD. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS; Issuance:** Tender form/documents will be issued from the date of advertisement published in newspapers till **12th November, 2020** at 11:00 AM on presentation of Tender Fee of Rs.1000/- (Non-refundable) under the head C-3802-8 National Bank of Pakistan through Challan in favour of Secretary, S&GAD. **Submission.** Last date of submission of documents is **12th November, 2020** at 11:00 AM in the office of Transport Officer, S&GAD. **Opening.** The Tender(s) will be opened on **12th November, 2020** at 11:30 AM in the office of Additional Secretary (Admn), S&GAD in presence of bidders/nominated representatives (who wish to attend the same). **Address:** Transport Officer, Room No. 43 S&GAD, Block No.1, Civil Secretariat, Quetta. Telephone Number. 081-9201918. E-Mail Address. TransportSandgad@gmail.com. Under the following conditions bids will be rejected: Conditioned and Telegraphic bids/tenders. Financial Bids not accompanied by bid security of 5% of total amount. Bids received after specified date and time. Black listed Firm/Contractors. **Bid validity period 90 days.** PH: 081-9201918

Transport Officer
S&GAD

PRQ No.981/27-10.2020

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

اپوزیشن کی تحریک اپنی سابقہ کرپشن کو بچانے کیلئے ہے‘ طور اتمان خیل

نیب خود مختیار ادارہ ہے حکومت کا اس پر کوئی کنٹرول نہیں ہے، صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان

ملک میں مہنگائی پی ڈی ایم کی وجہ سے ہے آج صرف عوام کی آنکھوں میں مٹی ڈالنے کیلئے تحریک چلا رہے ہیں

کوٹ لانگو، سابق وزیر خزانہ میر خالد لانگو سے خان حیات خان خالق آباد لوگ میں ملاقات کررہے ہیں

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے اپوزیشن کی تحریک اپنی سابقہ کرپشن کو بچانے کیلئے ہے نیب خود مختیار ادارہ ہے حکومت کا اس پر کوئی کنٹرول نہیں ہے انہوں نے کہا کہ نیب کے موجودہ چیئرمین کو سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی اور اپوزیشن لیڈر پی پی رہنما سید خورشید احمد شاہ نے ہی نامزد کیا تھا اور آج انکے خلاف تحریک چلا رہے ہیں کیونکہ نیب کا ہاتھ انکے گریبانوں تک پہنچ گیا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو اپوزیشن سڑکوں پر لونے میں ناکام ثابت ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ فوج کے خلاف بات کسی صورت برداشت نہیں کرینگے احتساب کا عمل بلا روک ٹوک جاری رہیگا انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی پی ڈی ایم کی وجہ سے ہے آج صرف عوام کی آنکھوں میں مٹی ڈالنے کیلئے تحریک بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

میڈیا ملک کا چوتھا ستون ہے‘ احمد ہارون خٹک

مثبت صحافت نے ملک کی ترقی وخوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے

مسائل کی نشاندہی اور حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، اسسٹنٹ کمشنر

ژوب (این این آئی) میڈیا ملک کا چوتھا ستون ہے مثبت صحافت نے ملک کی ترقی وخوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے مسائل کی نشاندہی اور حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر احمد ہارون خٹک نے اپنے آفس میں صحافیوں سے ملاقات کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سینئر صحافی اختر گل مندوخیل، سردار غلام سرور شیرانی شاہ بران کاکڑ غفور وطن یار مندوخیل ظفر اقبال خٹک زعفران خان اور رفیق قیصرانی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی بہتر کارکردگی فرنٹ اور الیکٹرانک بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

کوہلو میں یوتھ فورم کا فرانس میں خاکوں کے خلاف ریلی، پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں یوتھ فورم نے صدر مصری خان مری کی سربراہی فرانس میں خاکوں کے خلاف ایک ریلی نکالی اور ڈسٹرکٹ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا ہے ریلی یوتھ کے آفس سے برآمد ہوئی جو شہر کے مختلف بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

پاکستان کا ہر بچہ بچہ اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے، مزار خان رند

بہت جلد بھارت کو کشمیر پر کئے جانے والے ہر ظلم کا حساب دینا ہوگا اور وہ وقت بہت جلد آئے گا

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد کے سیاسی و سماجی رہنما میر مزار خان رند اور اصغر علی رند کی قیادت میں 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لئے ایک بہت بڑی ریلی نکالی گئی ریلی میں نصیر آباد کے سیاسی وسماجی رہنما میر مزار خان رند، اصغر علی رند، مٹھا خان رند، وڈیرہ علی نواز چاکرانی گچکی، نعیم رند، صفدر خان رند، جمعہ خان گچکی، عامر علی شر، مشتاق علی رند، خالد حسین رند سمیت مختلف سیاسی وسماجی قبائلی رہنماؤں وبچوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کشمیری بھائیوں سے روح کا روح رشتہ ہے‘ ببرک خان کاکڑ

کسی بھی صورت کشمیری بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ڈپٹی کمشنر صحبت پور

صحبت پور (این این آئی) پورے ملک کی طرح صحبت پور میں بھی کشمیریوں پر بھارتی مظالم کیخلاف منگل کو یوم سیاہ کے طور پر منایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس صحبت پور سے ڈی سی ببرک خان کاکڑ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ضلع بھر کے تمام محکموں کے افسران، اساتذہ اسکول کے بچوں اور سول سوسائٹی کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز، چارٹس اٹھا رکھے تھے بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

ساتھ بلوچستان میں اربوں روپے کی لاگت سے 24 ڈیمز زیر تعمیر ہیں جن پر 60 سے 65 فیصد کام مکمل کرلیا گیا ہے

ڈیموں کی تعمیر کے معیار اور کوالٹی پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، انجینئر محمد ابراہیم مینگل

کوئٹہ (این این آئی) ساتھ بلوچستان میں اربوں روپے کی لاگت سے 24 ڈیمز زیر تعمیر ہیں جن پر 60 سے 65 فیصد کام مکمل کرلیا گیا ہے، ڈیموں کی تعمیر کے معیار اور کوالٹی پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ یہ بات پروجیکٹ انجینئر 100 ڈیمز ساتھ انجینئر محمد ابراہیم مینگل نے منگل کو صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ساتھ بلوچستان کے علاقوں، واشک، آواران اور دیگر میں اربوں روپے کی لاگت سے بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب کا حکم، دھوکہ دہی سے لوٹی گئی رقم کی خاتون کو ادائیگی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق وفاقی محتسب کوئٹہ کو پنشین کی رہائشی خاتون مسماۃ (ج) نے وفاقی محتسب کو درخواست دی کہ وہ نہایت غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں اور بے نظیر انکم سپورٹ سے ملنے والی امداد سے گزر بسر کرتی ہیں اس بار جب وہ بی آئی ایس پی کے بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل بچے کو پولیوں کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا

صحبت پور کے علاقے میں بھائی نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کردیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور کے علاقے میں بھائی نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کردیا گیا ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس کے مطابق صحبت پور کے علاقے پولیس تھانہ ملک محمد علی کی حدود گوٹھ عزیز اللہ بادینی میں ملزم برکت بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

فرانس میں گستاخانہ خاکوں نے مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے ہیں‘ میر مبارک خان محمد حسنی

اقوام متحدہ اسکی روکنے کیلئے قانون سازی کریں کیونکہ فرانسیسی صدر نے توہین آمیز حرکت کی ہے

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی۔ قاری رحمت اللہ نقشبندی مولانا عبدالسلام جتک۔ مولانا غلام اللہ محمد حسنی۔ مولانا اللہ داد مرداشی مولانا منیر احمد نوشکوی۔ مولانا عبدالرشید مینگل مولانا عبدالجبار پندرانی مولانا منیر احمد بجاری مولانا محمد قاسم شاہوانی قاری محمد ہاشم لانگو قاری غلام صادق جتک مولانا محمد علی جتک قاضی بشیر احمد سربازی دیگر نے بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے امت مسلمہ کے جذبات کو مجروح کیا گیا ہے‘ علامہ حسن سعیدی

قلات (این این آئی) قلات میں علمائے اہلسنت کے زیر اہتمام فرانس میں گستاخانہ خاکو کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی نے قلات شہر کے مختلف سڑکوں پر مارچ کیا اور ریلی کے شرکاء نے فرانس کے خلاف شدید نعرے بازی کی ریلی کی قیادت علمائے اہلسنت کے چیئرمین علامہ حسن سعیدی نے کی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی تحریک سے سلیکٹیڈ حکومت پر لرزہ طاری ہے‘ مولانا غلام قادر قاسمی

اپوزیشن کے اتحاد سے حکومت خوف زدہ ہو کر اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر وامیر جے یو آئی ضلع لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی نے گذشتہ روز کوئٹہ سے واپسی پر جامعہ مدنیہ اوتھل میں مختصر قیام کے دوران جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی نائب امیر مولانا عبدالحمید عارف جے یو آئی اوتھل کے امیر مفتی محمد سعید ضلعی ڈپٹی پریس سیکرٹری جے یو آئی ضلع لسبیلہ حافظ حسین احمد مدنی مولانا عبدالغفار جے یو آئی تنظیم انصار الاسلام اوتھل کے سالار مولانا محمد رفیق عمرانی مولانا خان محمد حاجی عبدالرشید جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی صدر عبدالاحد عادل ودیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم کی تحریک سے سلیکٹیڈ حکومت پر لرزہ طاری ہے اپوزیشن کے اتحاد سے حکومت خوف زدہ ہو کر اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہے انہوں بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات اٹھائیں گے‘ چیف سیکرٹری بلوچستان

اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں سے زیادہ قیمتوں پر فروخت کرنے والوں کے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے

ڈویژنل کمشنرز کو ہدایات میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ وہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات اٹھائیں گے‘ کیپٹن (ر) فضیل اصغر

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں نرخوں اور ضروری اشیاء کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، سیکرٹری انڈسٹریز حافظ عبدالماجد، کمشنر کوئٹہ اسفندیار کاکڑ، ڈویژنل کمشنرز بذریعہ وڈیو لنک اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس کے شرکاء کو ہدایت کی کہ مقررہ قیمتوں پر ضروری اشیاء کی بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

بی، بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر ملک اسفند خان سیلاچی میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

اوتھل: باولے کتے کے کاٹنے سے متعدد خواتین مرد اور بچوں کو کاٹ کر زخمی کردیا

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل۔ باولے کتے کے کاٹنے سے متعدد خواتین مرد اور بچوں کو کاٹ کر زخمی کردیا، ریسکو ذرائع تفصیلات کے مطابق مقامی فلاحی و ریسکو ادارے کے مطابق اوتھل میں ایک باولے کتے کے کاٹنے سے متعدد شہری جن میں خواتین مرد اور بچے شامل ہیں زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر DHQ ہسپتال اوتھل پہنچادیا گیا ہے۔ اوتھل کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

گیس پریشر کمی نے پوری کر کے عوام کی بدحال کردیا ہے‘ محمد عارف قلندرانی

قلات منگچر گردونواح میں بجلی کے آنکھ مچولی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کی عذاب بن چکی ہے

منگچر (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی صدر محمد عارف قلندرانی۔ سینئر نائب صدر مقبول گل محمد شہی۔ جونیئر نائب صدر کامریڈ مختیار نچاری جنرل سیکرٹری انجینئر پیربخش مینگل۔ جوائنٹ سیکرٹری حفیظ مینگل۔ اکرام نچاری۔ نور احمد بلوچ۔ ودیگر نے کہا کہ قلات منگچر گردونواح میں بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

پیارے نبی حضرت محمدؐ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، قاری عبیداللہ درانی

گستاخانہ خاکے بنانے والے خاک میں مل جائیں گے لیکن میرے نبیؐ کا ذکر ہمیشہ بلند رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) پوہلاتی فلاحی تنظیم کے زیر اہتمام منگل کو قاری عبیداللہ درانی اور تیمور خان کی قیادت میں فرانس میں نبی کریمؐ کے خاکے شائع کرنے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلے میں ایک نوجوان کی مصوری دیکھ رہے ہیں

گیس قدرتی نعمت ہے عوام کو بلاتعطل گیس کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے‘ شہباز اسلام

کمپنی عوام کو بلاتعطل گیس کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے‘ شہباز اسلام

گیس قدرتی نعمت ہے عوام اس کا صحیح استعمال کرکے سردیوں کے موسم میں حفاظتی تدابیر اختیار کرکے جانی نقصان سے بچ سکتے ہیں

کمپنی صارفین کو بلاتعطل گیس فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھاتے ہوئے مختلف علاقوں میں پرانی اور بوسیدہ پائپ لائنوں کو تبدیل کررہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی کے مرکزی ترجمان شہباز اسلام بلوچستان کے ایڈیشنل جنرل منیجر محمد انور بلوچ، علاء اکرام سید حبیب اللہ چشتی، مولانا روح اللہ سمیت دیگر علاء اکرام کا کہنا ہے کہ گیس قدرتی نعمت ہے عوام اس کا صحیح استعمال کرکے سردیوں کے موسم میں حفاظتی تدابیر اختیار کرکے جانی نقصان سے بچ سکتے ہیں کمپنی صارفین کو بلاتعطل گیس فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھاتے ہوئے مختلف علاقوں میں پرانی اور بوسیدہ پائپ لائنوں کو تبدیل کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں احتیاطی تدابیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کمپنی بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی سے سردار خان رند ملاقات کررہے ہیں

مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہئے، ڈپٹی کمشنر

نصیر آباد (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی کی ہدایت پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور یوم سیاہ کے موقع پر نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع میں ریلیاں نکالی گئیں مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

مدرسے میں شہید ہونے والے معصوم بچوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا‘ فرزانہ سحر جاموٹ

دشمن عناصر دینی درسگاہوں کو نشانہ بنا کر کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں اسلام زندہ پائندہ دین ہے

خضدار (نامہ نگار) خضدار سماجی رہنما اور چیئرپرسن الفلاح فاؤنڈیشن محترمہ فرزانہ سحر جاموٹ نے پشاور دیر کالونی کے مدرسے میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مدرسے میں شہید ہونے والے معصوم بچوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ بچے معصوم پھول ہوتے ہیں جن کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور غلط فعل ہے، بزدل دہشت گرد اسکول و مدارس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بند کردیں اسلام سچا دین ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا، پختونخواہ حکومت سے اپیل ہے کہ ملزمان کو جلد از جلد بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

عید میلادالنبیؐ اہل اسلام کیلئے مسرت اور خوشی کا دن ہیں‘ کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن کاشف حیدری نے کہا ہے کہ عید میلادالنبیؐ اہل اسلام کیلئے مسرت اور خوشی کا دن ہیں اس پرمسرت موقع پر اہل اسلام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ جشن عید میلادالنبیؐ کے سلسلے میں جلوسوں کے بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

مساجد میں مدارس طلباء پر بم حملہ ظلم کا انتہاء ہے‘ مرتضی مسرور

بے دین لوگ نے ہمیشہ مساجد اور مدارس خانقاہوں تبلیغی مراکز اور مسلمانوں پر ظلم اور حملے کرنا چاہتے ہے

قلعہ سیف اللہ (پ ر) جمعیت طلبا اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے کنوینر مرتضی مسرور اور معاونین کنوینر مولوی ادم خان نجیب اللہ کاکڑ رحمت اللہ عبد القادر رحمدین ناصر خان اسماعیل زہری حصبت اللہ ظہور احمد حمداللہ احمدی محمد سلیم نور اللہ مسعود سمیع اللہ قاسمی نصیر احمد اور دیگر نے ایک بیان میں کہاں کہ مساجد میں مدارس طلباء پر بم حملہ شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوے بے دین لوگ نے ہمیشہ مساجد اور بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

وفاقی اور صوبائی حکومتیں انشاء اللہ اپنی پانچ سالہ مدت پوری کریں گی‘ محمد انور رونجھو

آنے والے وقت میں میاں برادران کا اس ملک کی سیاست میں کوئی حصہ نہیں ہوگا

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی آرگنائزر محمد انور رونجھو نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں PDM کے جلسے میں مریم نواز نے بلوچستان و بلوچی روایات کو پامال کر کے اہل بلوچستان کے احساسات کو مجروح کیا ہے، ہم اس عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، مریم نواز کے والد نواز شریف نے وزیر اعظم کا حلف اٹھاتے ہوئے پاکستان کی سلامتی اور پاکستان کے ساتھ وفاداری کا عہد کیا تھا لیکن اب وہ اور اس کی بیٹی پاکستان مخالف بیانیے کو آگے لیکر دشمنوں کی صفوں میں کھڑے نظر آتے ہیں اور انکی تقاریر کو بھارتی میڈیا اپنی ہیڈ لائنز میں چلا کر پاکستان کی مخالفت کررہا ہے، PDM کے کوئٹہ کے بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

معصوم بچوں اور بے گناہوں کا قتل بدترین ظلم اور بربریت ہے، مولانا عصمت اللہ سالم

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے نائب امیر مولانا عصمت اللہ سالم نے پشاور دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں اور بے گناہوں کا قتل بدترین ظلم اور بربریت ہے انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کے بابرکت ماہ میں ایسی بزدلانہ حرکت ملک اور قوم کے خلاف ایک گھناؤنی سازش ہے ملک کی پر امن فضا کو خراب کرنے میں دشمنان اسلام اور پاکستان ملوث ہے۔

کشمیری عورتوں بچوں اور نوجوانوں کا قتل عام جاری ہے‘ محترمہ درچین مری

بھارت معصوم کشمیریوں پر بے دردی اور مجرمانہ انداز میں انسانیت سوز سلوک کررہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کے مناسبت سے اپنے جاری بیان میں کہا کہ بھارتی سرکار کی جانب سے کشمیریوں پر سخت تشدد اور خالی ہاتھ بیگناہ کشمیری عورتوں بچوں اور نوجوانوں کا قتل عام کیا جارہا جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اقوام متحدہ کو چاہیے کہ کشمیر میں بھارتی مظالم کو بند کروانے میں بھرپور کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت معصوم کشمیریوں پر جس بے دردی اور مجرمانہ انداز میں انسانیت سوز سلوک بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

نائب تحصیلدار لاکھڑا محمد عیسیٰ شاہوک کا اچانک لاکھڑا بازار کا دورہ

دکانوں میں نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے اور صفائی کے فقدان پر دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کردیئے

لاکھڑا (نامہ نگار) نائب تحصیلدار لاکھڑا محمد عیسیٰ شاہوک کا اچانک لاکھڑا بازار کا دورہ دکانوں میں نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے اور صفائی کے فقدان پر دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کردیئے، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن ریٹائرڈ عارف احمد کی خصوصی ہدایت پر نائب تحصیلدار لاکھڑا محمد عیسیٰ شاہوک نے لیویز فورس کے ہمراہ اچانک لاکھڑا بازار کا دورہ کیا نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے اور صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیئے، دورے کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نائب تحصیلدار لاکھڑا بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں 60 سے 70 آنے والے مریضوں میں 10 ایسے مریض ہوتے ہیں جن کو فالج کا مرض حملہ کرچکا ہوتا ہے‘ ڈاکٹر انجم فارق

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان سٹروک سوسائٹی کی صدر معروف معالج ڈاکٹر انجم فارق نے کہا ہے کہ اس وقت فالج دنیا بھر میں 60 سال سے زائد عمر کے افراد کیلئے دوسرے نمبر پر جان لیوا مرض بن چکا ہے دنیا بھر میں سالانہ 16 ملین لوگ بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

ملک میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں روز بروز تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ہے، ولی محمد بڑیچ

عوام کی سہولت کیلئے فیصلہ کیا خضدار میں سستا بازار کا انعقاد کیا جائے گا

خضدار (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کی میٹنگ ڈپٹی کمشنر خضدار ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ جس میں اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ، اسسٹنٹ کمشنر نال عبدالوہاب، اسسٹنٹ کمشنر وڈھ رحمت اللہ انجمن تاجران کے نائب صدر بشیر احمد جتک، فلور ملز کے مالکان بازار کے نمائندہ سمیع اللہ شاہ، یوٹیلیٹی اسٹورز، ڈیری فارم اور دیگر ہول سیل ڈیلرز نے شرکت کی۔ بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

ہم اپنے کشمیر بھائیوں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے‘ عبدالناصر کاکڑ

انشاء اللہ جلد کشمیر پاکستان کا حصہ بن جائے گا اور انہیں حق خود ارادیت ملے گی، اسسٹنٹ کمشنر

اوستہ محمد (این این آئی) یوم سیاہ کے حوالے سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد عبدالناصر کاکڑ کی قیادت میں مچھلی پل سے ریلی نکالی گئی ریلی میں تاجر برادری ہندو کمیونٹی ہوٹل یونین اور طلبہ نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی اسسٹنٹ کمشنر آفس پہنچی جہاں پر ریلی کے شرکاء سے اسسٹنٹ کمشنر عبدالناصر کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے کشمیر بھائیوں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے انشاء اللہ جلد کشمیر پاکستان کا حصہ بن جائے گا۔

اسسٹنٹ کمشنر سوئی ہنگل خان بگٹی کی سربراہی میں کشمیری بھائیوں کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی گئی

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) 27 اکتوبر یوم سیاہ کی مناسبت اسسٹنٹ کمشنر سوئی ہنگل خان بگٹی کی سربراہی میں کشمیری بھائیوں کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی اسسٹنٹ کمشنر سوئی ڈی ایس پی سرکل سوئی سوئی خالد بزدار سمیت سماجی رہنما۔ سوشل ورکر سمیت سینکڑوں شہریوں نے بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی سے پاکستان تحریک انصاف ویلفیئر ونگ کے مرکزی نائب صدر آغا شیراز قیادت میں پاکستان تحریک انصاف ویلفیئر ونگ کا نمائندہ وفد ملاقات کررہا ہے

ہندوستان نہتے کشمیری عوام پر ظلم وستم دھا رہا ہے‘ ڈاکٹر شرجیل نور

کشمیری اور عالمی میڈیا پر کشمیر میں ہونے والے مظالم دکھانے پر پابندی لگائی ہوئی ہے جس کی مذمت کرتے ہیں

گنداواہ (این این آئی) یوم سیاہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور کی قیادت میں سرکٹ ہاؤس گنداواہ سے ریلی نکالی گئی شرکاء کشمیر بنے گا پاکستان، ہے حق ہمارا آزادی، پاک فوج ایف سی پولیس لیویز زندہ باد کے نعرے لگاتے رہے اس سے پہلے سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

پاک جرمن ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر میں سہولیات کا فقدان ہے، طلباء عزیر بلوچ

لسبیلہ (این این آئی) پاک جرمن ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر حب میں سہولیات کا فقدان بجلی پانی اور ٹرانسپورٹ سمیت دیگر سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف طلباء کا لسبیلہ پریس کلب کے بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے معاشرے کا ہر فرد حکومت کا ساتھ دے

اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی‘ افتتاحی تقریب سے خطاب

ہرنائی (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی وریندر لعل نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے معاشرے کا ہر فرد حکومت اور محکمہ صحت کا ساتھ دے ضلع بھر میں شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کی تمام تر انتظامات ایس، او، پی کے ساتھ مکمل کرلی گئی ہے تمام دور دراز دشوار گزار علاقوں میں ٹیموں کو سخت سیکورٹی میں پہنچادیا گیا ہے، انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے معاشرے کی ہر فرد کی قومی بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

اوتھل، پولیس کی کامیاب کاروائی، کراچی کے علاقے ناظم آباد سے چوری کی گئی مہران کار برآمد

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل۔ پولیس کی کامیاب کاروائی۔ کراچی کے علاقے ناظم آباد سے چوری کی گئی مہران کار برآمد، دو ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق SSP لسبیلہ پرویز خان عمرانی کی خصوصی ہدایت پر اور ASP اوتھل صدام خان خٹک کی نگرانی میں SHO اوتھل ملک عبدالجبار رونجھو کی قیادت میں ASI ظفر اللہ بلوچ ہیڈ کانسٹیبل محمد رمضان جاموٹ کانسٹیبل عبدالستار محمد امین اور جمیل احمد نے زیرو پوائنٹ پولیس چیک پوسٹ اوتھل بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں نہتے کشمیریوں پر عرصہ حیات تنگ کردیا ہے‘ درزاق خان ججک

مقبوضہ کشمیر کی حق خود ارادیت ختم کرکے وادی پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا جس کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا

بھارتی مظالم اور بربریت روز بروز بڑھتی جارہی ہے، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف یوم سیاہ پر ریلی نکالی گئی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کی قیادت میں نکالی گئی ریلی میں ضلعی افسران، تاجروں، سول سوسائٹی اور طلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی ڈپٹی کمشنر دفتر سے ہوتی ہوئی مزدور چوک پر اختتام پذیر ہوئی یوم سیاہ پر نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد رزاق خان ججک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو منظور احمد پنہور، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد سلیم ڈومکی و بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

معصوم لوگوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں‘ BAP

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے، واقعہ پر بے حد رنجیدہ اور غمگین ہوں

تعلیم حاصل کرتے بچوں اور تدریس کرتے اساتذہ کی شہادت نے سانحہ اے پی ایس کے دکھ تازہ کردیئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر منظور احمد کاکڑ، سینیٹر میر سرفراز بگٹی، سینیٹر نصیب اللہ بازئی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آغا شاہ زیب نے پشاور مدرسے میں ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، دہشتگرد پاکستان میں امن وامان خراب کرکے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں لیکن پاک فوج اور دیگر بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق ججک کی قیادت میں یوم سیاہ کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

ضلع سبی میں کشمیر بلیک ڈے منایا گیا ہے‘ ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

کشمیر کی آزادی تک پاکستانی عوام کشمیری مسلمانوں کے ساتھ ہیں، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (این این آئی) ضلع سبی میں کشمیر بلیک ڈے منایا گیا ہے ڈی سی آفس سے ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کی قیادت میں کشمیر یکجہتی ریلی نکالی گئی کشمیر میں مسلمانوں پر انڈیا کی جانب سے جاری ظلم وستم کے خلاف بھرپور احتجاج اور یکجہتی کا اظہار کیا گیا طلباء نے ڈی سی آفس سے پی اینڈ آر آفس تک انسانی ہاتھوں کا زنجیر بنا کر کشمیریوں سے یکجہتی کا مظاہرہ کیا، کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

ایجوکیشن ایک ایسا ہتھیار ہے جو نہ چھینا جاسکتا ہے اور نہ ہی ضائع ہوجاتا ہے، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق

آج اگر ہم ترقی یافتہ ممالک پر نظر دوڑائیں گے تو ان کی ترقی اور کردار سازی میں تعلیم کا عنصر نمایاں ہے

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں تعلیمی واک ہزاروں طلباء کی شرکت واک کی قیادت ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرزاق ساسولی بی این پی عوامی کے ضلعی صدر نثار احمد ایجوکیشن آفیسر صابر علی بلوچ نے کی واک کے شرکاء ڈی سی آفس سے ہوتے ہوئے یونیورسٹی سب کیمپس میں پہنچے جہاں طلباء کے اجتماع سے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی ایجوکیشن آفیسر امجد شہزاد تربت یونیورسٹی سب کیمپس پنجگور کے اسسٹنٹ بقیہ نمبر70 صفحہ 3 پر

اپکا نصیر آباد کے ملازمین خود کو کبھی تنہا نہیں سمجھیں ہم انہیں کبھی لاوارث نہیں ہونے دیں گے، داد محمد بلوچ

ملازمین ہمارے بہترین اثاثہ ہیں ملازمین کی اراضی پر ایک انچ بھی قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر داد محمد بلوچ نے کہا ہے کہ اپکا نصیر آباد کے ملازمین خود کو کبھی تنہا نہیں سمجھیں ہم انہیں کبھی لاوارث نہیں ہونے دیں گے ملازمین ہمارے بہترین اثاثہ ہیں ملازمین کی اراضی پر ایک انچ بھی قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی نصیر آباد ضلعی انتظامیہ ملازمین کی اراضی کو قبضہ مافیاء سے واگزار کروانے کیلئے اقدامات کرے ہم ابھی زندہ ہیں۔

پاکستان ہنرمند افرادی قوت اور اہم جغرافیہ کے باعث اہم خطہ ہے‘ فرمان زرکون

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ صوبے میں کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے ساتھ ساتھ اس راہ میں حائل رکاوٹوں کو بھی دور کررہا ہے

بڑی مارکیٹ، ہنرمند افرادی قوت اور اہم جغرافیہ کے باعث اہم خطہ ہے، دنیا کا چھٹا بڑا ملک ہونے کے ناطے یہ ایک بڑی مارکیٹ ہے

کوئٹہ (این این آئی) شنگھائی میں پاکستانی قونصلیٹ جنرل کے زیر اہتمام پاکستان میں تجارت و سرمایہ کاری کے مواقع کے موضوع پر ایک ویب نار کا انعقاد کیا گیا جس میں شنگھائی میں پاکستانی قونصل جنرل حسین حیدر، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون، سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے صدر قیصر بریار، سی پی ٹی آئی کے نائب صدر مسٹر ڈے ہوبا، سینٹ فالکن بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص ودیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص مرکزی نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی شفیع الدین مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی بقیہ نمبر71 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پروفیسر ڈاکٹر انجم فاروق، ڈاکٹر احمد ولی، ڈاکٹر امان اللہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

عالمی برادری، اقوام متحدہ اور او آئی سی کشمیری عوام کو آزادی دلائیں‘ علامہ داد محمد فریادی

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داد محمد فریادی مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ عالمی برادری، اقوام متحدہ اور او آئی سی کشمیری عوام کو آزادی دلائیں 27 اکتوبر 1947 کو بقیہ نمبر72 صفحہ 3 پر